اور جو مریض کے واسطے فال دیکھتا ہے تو اس کو بیماری سردی کی ہے مثال کے طور پر جلندر مرض بلغمی ہے اچھا ہو جائے گا۔ دیر سے اور سفید چیزیں خیرات کرے تو سب کام تیرے اچھے ہو جائیں اور جو کام پانی پلانے کا کرے اور فاصدی کرنا فائدہ دیوے گا اور واسطے ملنے مال کے فال دیکھتا ہے تو مشکل سے جمع ہوگا اور جلد خرچ ہو جائے گا اور جو واسطے ملنے معشوق کے فال دیکھتا ہے ملاقات ہوگی لیکن دیر سے ہوگی، اگر کسی شخص کے پاس جانے کا ارادہ رکھتا ہے تو جا نہیں جاتا کوئی غیب کی بات لیکن خدا تعالیٰ ۔

تعبیر خواب میں مختصر اشارات

خوابیں بچے بوڑھے جوان عورت مرد سب ہی دیکھتے ہیں۔ نیک اور صالح لوگ جو پچھلی شب میں دیکھیں وہ خوابیں اکثر صحیح اور سچی ہوتی ہیں۔ اپنی خواب نیک صالح مرد مومن سے دن میں بیان کریں یا خود نیک تعبیر سے رلیں دل سے گھڑ کر ہرگز ہرگز خواب نہ بیان کریں۔ اگر کسی قسم کی ڈراؤنی خواب دیکھنے میں آئے تو پہلے یہ دیکھیں کہ کسی بادی چیز کے کھانے سے پیٹ میں گرانی تو نہ تھی کہ ایسی خوابیں محض پیٹ میں گیس بن کر دماغ میں گھسنے سے نظر آتی ہیں، حاملہ عورتوں کو یا جن کو حیض ٹھیک وقت پر نہیں ہوتا ان کو اکثر ساری ساری رات ڈراؤنی اور خراب خوابیں نظر آتی ہیں۔ ایسی خوابوں کا کوئی اعتبار نہیں کرنا چاہیئے۔ آیت الکرسی سات بار اور چاروں قل ۳-۳ بار میٹھے تیل پر دم کرکے رکھ لیں اور کان میں سوتے وقت ۲-۲ قطرے ڈال لیا کریں۔ اکثر نمازی پرہیزگار سرکار غوثیت مآب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سچی عقیدت رکھنے والے لوگوں کی اکثر خوابیں اگر پریشان کن ہوں تو گھبرانا نہ چاہیئے بلکہ یہ سمجھنا چاہیئے کہ ایسا واقعہ زندگی میں پیش آنے والا تھا حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعاء و تصرف سے خواب پر ختم کر دیا گیا۔ حدیث میں ارشاد ہوا ہے کہ خواب مرد مومن کی نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں کو اسرار غیبی سے آگاہ فرماتا ہے۔ خوابوں کے متعلق اگر وضاحت کی جائے تو اس کے لئے ایک دفتر بھی ناکافی ہے۔ اس لئے اسی مختصر پر اکتفاء کرتا ہوں۔ دانشمندوں کے لئے یہی بہت کچھ ہے۔

(مؤلف)

انوارِ الٰہی دیکھنا:- جنت نصیب ہو، قید سے آزاد ہو، اعمال نیک ہوں، فراخیٔ نعمت ہر دو جہاں سے۔

انبیاؑ کو خوش دیکھنا:- دین و دنیا میں عزت ہو، زیارتِ پیغمبر نصیب ہو اور غضبناک دیکھنا اسکے برعکس ہو۔

اولیا کو دیکھنا:- بشارت نیک افعال اور زیادتی اقبال کی دلیل ہے۔

ابدال کو دیکھنا:- موجب زیادتی نیکی، ترقیٔ دارین کی دلیل ہے۔

اسرافیل کو دیکھنا:- صاحبِ خواب کو بہت مبارک ہو دین و دنیا میں۔

آسمان کا دیکھنا:- مال ملنے کی دلیل ہے یا رتبہ بلند ہو اور اگر آسمان پر چڑھ گیا ہے تو خدا کے یہاں عزت پائے گا اور صراط سے جلد اُتر جائے گا یا بادشاہ خواہ حاکم مہربان ہو گا۔

ابر آسمان پر دیکھنا:- حاکم یا بادشاہ مہربان ہو یا رزق میں ترقی ہو۔

ابر کا ہر جگہ برسنا یا محیط دیکھنا:- وباء آنے کی، فتنے کی دلیل ہے اور ایک جگہ برسنا رحمت کی دلیل ہے اور ابر کا معہ بجلی بارش کے دیکھنا قرض ادا ہو، قیدی رہا ہو، بیمار شفاء پاوے۔

آفتاب کو روشن دیکھنا:- بلند درجہ کی دلیل ہے ملک عظیم کو پہنچے گا۔ زیادتیٔ رزق کی دلیل ہے اور اگر کسی نے دیکھا کہ آفتاب اس کے گھر میں طلوع ہوا ہے تو اگر وہ بے زن ہے عقد ہو گا۔

آفتاب کو گہن یا گرد و غبار میں ڈھکا دیکھا:- مرض یا کسی مصیبت کے آثار ہیں یا صاحب خواب کے والدین کا انتقال ہو گا۔ آسمان کے قریب اُڑ کے پہنچنا حصول دولت و نعمت و دین و دنیا ہو۔

آپ اڑتے دیکھنا:- گناہوں سے بری ہو یا سفر کو جاوے اور سلامت گھر واپس آئے۔

اذان کہنا:- اگر حج کا مہینہ ہے تو کبھی حج نصیب ہو گا۔ اور اگر غیر ایام حج میں دیکھے اور قربتِ زمانہ حج ہے تو نیک باتوں کا چرچا کرے گا اور اگر یہ دیکھے کہ وہ کلمہ اذان میں کہتا حق کر خود نہیں جانتا تو وہ چور ہو گا۔

انڈا دیکھنا اور انڈے کا مالک ہونا:- اگر کسی نے انڈا پایا اور یہ نہیں معلوم کہ کس پرندے کا ہے تو عورت پانے کی دلیل ہے۔

انڈے کھانا:- اگر خاگینہ ہے یا کسی اور صورت سے پکا کر کھایا تو مال صالح سے تعبیر ہے اگر خام یا کچا تناول کیا ہے تو مال حرام سے تعبیر ہے اور کسی انڈے کا چھلکا یا بدون سفیدی یا زردی کے کھائی ہے تو مال مردے یا مقتول کا پائیگا۔

اُونٹ کا گوشت کھانا - بیماری اٹھائے لیکن روزی حلال ہاتھ آئے۔
اشرفی کا دیکھنا - لڑکا پیدا ہو یا نفع تجارت ہو یا رتبہ بلند ہو۔
انگوٹھی پہننا - کسی عہدے پر سرفراز ہو یا کسی حسینہ سے عقد ہو۔
انگوٹھی کا پیچ ڈالنا - عورت کی جدائی کا صدمہ اٹھائے۔
انگوٹھی کا کھو جانا - حکومت جاتی رہے، قدر و منزلت ختم ہو جائے۔
انگوٹھی سونے کی بلا نگینہ دیکھنا - عورتوں کو بہت خوب ہے اور مردوں کیلئے نازیب ہے، بلکہ برائی کی علامت ہے۔
اُلّو دیکھنا - مال جانے سے تعبیر ہے۔
آم کھانا - توانگری کی دلیل ہے یا صاحب اولاد ہو۔
آہن دیکھنا - خوشی پیدا ہو یا درجہ بلند ہو۔
آسمان سے شہد یا سرکہ خواہ روغن یا مثل اس کے دیکھنا - یہ سب چیزیں خیر و برکت کی دلیل ہیں۔
آسمان پر قوس و قزح دیکھنا - اگر سبز رنگ ہو امن و امان ہے اور اگر زرد رنگ ہے تو مرض کی دلیل ہے، سرخ رنگ ہے تو دلیل خونریزی کی اور بعضوں نے سرخ رنگ کو نکاح سے تعبیر کیا ہے۔
اذان بے وقت کہنا - ظالم کے جور و ظلم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے یا کوئی تہمت لگے کر صاحب خواب محض بے گناہ ہو۔
اذان راستے میں کہتے جانا - حج کرنے کی دلیل ہے۔
انار شیریں کھانا - بمعنی مال کے ہے بلکہ ہر میوے سے دلیل ہے کہ دُنیا میں خوشی ہوگی۔
انار ترش کھانا - رنج و غم کی دلیل ہے بلکہ جملہ میوہ ہائے ترش کی یہی تعبیر ہے۔
انگور سفید سیاہ کا دیکھنا - اگر موسم یا فصل میں دیکھے تو خیر و برکت کی نشانی ہے، بے فصل دیکھنا مرض یا رنج کی دلیل ہے۔
انگور کا شیرہ نکالنا - انگور کا شیرہ نکلتے دیکھنا خوشی کی دلیل ہے۔

انار میٹھا دیکھنا - نیک نامی اور شادمانی کی دلیل ہے -

آنکھ کا دیکھنا - اگر دیکھا ہے کہ آنکھ کی روشنی میں زیادتی ہے تو گویا اس کے دین میں ترقی ہے کمی دیکھنا دین میں کمی کی دلیل ہے -

انگلیوں کا دیکھنا - مقصد سے دور رہنے کی دلیل ہے -

انگلیوں کا الگ الگ دیکھنا - عزیز و اقارب جدا ہوں - تکلیف سے زندگی بسر ہو -

آگ بغیر دھوئیں کے روشن دیکھنا - بادشاہ یا حاکم کی زیارت ہو، رتبہ بلند ہو، تمام فکروں سے نجات ہو -

آگ کا کھانا - مال حرام کھائے گا - پشیمانی اٹھائے گا - یہی تعبیر آگ اٹھانے کی ہے -

آگ جلا کے پکانا - فضول خرچی سے نجات ہو، نفع بے حساب ہو -

آگ سے کپڑا جلتے دیکھنا - آنکھ کے نقصان کی دلیل ہے -

آئینہ دیکھنا - دین و دنیا کی مرادیں حاصل ہونے کی دلیل، اگر عورت حاملہ ہو تو لپسر ہونے کی دلیل ہے اور عورت نے دیکھا تو لڑکی پیدا ہو -

اولے کا میدان دیکھنا - دشمن بدخواہ ہوں بہت -

اولا کھانا - باعث پریشانی و حیرانی ہے اور کبھی خوشی و شادمانی سے بھی تعبیر ہے

اولے گرتے ہوئے دیکھنا - اگر خلاف موسم دیکھے تو نقصان اٹھائے اور موسم میں دیکھے تو فائدہ اٹھائے

آندھی کا دیکھنا - رنج و غم کی نشانی ہے -

آندھی کا آنا اور بجلی کا گرنا - کوئی بلا آنے والی ہو یا وبا پھیلے -

اونٹ دیکھنا - اگر قبضہ میں ہے تو دنیا تابع ہوگی، یعنی دنیا سے بے نیاز ہوگا - اور اونٹوں کی قطار دیکھے سے تعبیر بھی وہی ہے -

اونٹ کو جستہ کناں دیکھنا - کوئی بلا آسمانی نازل ہونے والی ہے -

اونٹ پر آپ کو سوار دیکھنا - سفر کی دلیل ہے یا حج کی نعمت میسر آئے -

انجیر دیکھنا - مالدار ہونے کی دلیل ہے -

انجیر کا پتہ دیکھنا۔ خوب نہیں ہے صاحب خواب کے لیئے۔
انجیر کا کھانا۔ مال تو ملے گا لیکن حسرت دیاس سے خالی نہیں۔
امرود کا دیکھنا یا کھانا۔ اگر شیریں ہے تو دنیا میں نعمت حاصل ہو، اگر ترش ہو تو مرض ہونے کی دلیل ہے۔
اخروٹ کھانا۔ تجارت میں نفع کی دلیل۔
الائچی دیکھنا خواہ کھانا۔ صاحب خواب کی تعریف و ثنا اور نیک کام ہونے کی دلیل اور مال پانا یا حاصل ہونے کی دلیل ہے اور زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی دلیل ہے۔
اینٹ کا دیکھنا۔ اگر کوری خشک پترایہ سے نکلی ملی ہے تو خزانہ ملنے کی دلیل ہے۔
اینٹ کا دیوار سے نکل جانا۔ کوئی مرد وہاں سے کوچ کر جائیگا یا کوئی عورت گھر چھوڑ جائے گی یا مر جائیگی۔
آب زمزم پینا۔ علم اشرف ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف ۔ ب

بچھو کا گوشت کھانا۔ اپنے دشمن سے مال پانے کی دلیل ہے۔
بچھو کو لحاف و کپڑے و ہر ایک چیز میں گھسے دیکھنا۔ اس کا کوئی دشمن ایسا ہے جو باتیں صاحب خواب کی لوگوں کو غیبت میں پہنچاتا ہے۔
بدن میں ناسور دانے۔ یہ تمام مال دستیاب ہونے کی دلیل ہے اور کوڑھ خواہ سفید داغ کا دیکھنا۔
دمبل قرحہ زخم دیکھنا۔ یہی مال پر دلالت کرتا ہے۔
بال زیر ناف کم یا زیادہ دیکھنا۔ اگر بال زیر ناف کم دیکھے مال پاک اور حلال ملنے کی دلیل ہے، اور بکثرت یا دراز دیکھے حرام مال کی دلیل ہے۔
برہنہ بدن دیکھنا۔ اگر ایسی حالت میں خلق اسکو ملامت نہیں کرتی تو تعبیر اس کی بہتر ہو گی کہ کشائش اور نجات مرض سے ہو گی اور اپنے گناہوں سے پاک ہو گا۔ اگر قرضدار ہو تو قرض ادا ہو۔
بچھو کا ڈنک مارتے دیکھنا۔ بچھو بمنزلہ دشمن کے ہے۔ چنانچہ جس نے دیکھا کہ بچھو نے ڈنک مارا ہے تو اس کا کوئی دشمن ہے جو زبان سے اس کے پیچھے ایسی غیبت میں باتیں کریگا جس سے اس کو تکلیف پہنچے۔

بچھو کا مار ڈالنا۔ دشمن پر ظفریاب ہونے کی دلیل۔

بچھو سے دوسرے کو کٹوانا۔ صاحب خواب دوسروں کی غیبت کرتا ہے پرہیز کرے۔

بزرگان، زاہد، عابد، مردِ نیک یا فقراء کو دیکھنا۔ نیکی زیادہ ہو، خیر و برکت ہو، عنایت و رحمتِ خدا ہو۔

بادشاہ کو مہربان دیکھنا۔ عزت و توقیر بڑھے، نعمت دنیا ملنے کی دلیل ہے اور بادشاہ کے ساتھ کھانے کی بھی یہی تعبیر ہے۔

بادشاہ کی میت دیکھنا۔ ملک خراب ہو۔

بادام کا دیکھنا۔ دوستوں سے فائدہ ہو۔ غیب سے روزی نصیب ہو، ہمیشہ خوش رہے۔

باغ کا دیکھنا۔ اگر خشک ہے تو باعث رنج و ملال ہے اگر سرسبز دیکھے موجب دولت و جاہ و اقبال ہے

باغ کی سیر کرنا اور میوہ کھانا۔ جنتی ہونے کی دلیل ہے یا کسی حسینہ عورت سے کچھ حاصل ہونے کی امید ہے۔

باغ کا دروازہ بند کرتے دیکھنا۔ رزق میں تنگی ہو، یا عورت کو طلاق ہو۔

باغ آم انگور وغیرہ میوہ دار کا لگانا خواب میں۔ شرف و عزت کی دلیل ہے اور خار دار درختوں کا لگانا برعکس اس کے ہے۔

بادشاہ کو غصے میں دیکھنا۔ رنج و غم کی نشانی ہے۔

بالوں کو کھلے ہوئے چہرے تک دیکھنا۔ تونگر اور مفلس دونوں کے لئے وبالِ جان ہے۔

بال سر کے گرتے دیکھنا۔ دولت ملنے کی دلیل ہے اور اگر قرضدار ہے تو ادائیگی قرض کی دلیل ہے۔

بال اپنے ہاتھ سے مونڈنا اور سر صاف کرنا۔ خلق کی نظر دل سے گر جانے کی دلیل ہے۔

بال سر کے کھلے دیکھنا۔ عورت کی شادی کی دلیل ہے

بال سر کے سفید دیکھنا۔ سبب خیر و برکت و زیادتی عمر و حرمت کی دلیل ہے اور اگر سیاہ دیکھے غربت کے لئے انسب ہے اور غنی کے لئے خطر ہے۔

بال سر کے دراز دیکھنا۔ اگر صاحبِ خواب تاجر ہے تو اس کے مال میں زیادتی ہوگی، اگر وہ کاشتکار ہے تو اس کی کاشت میں افزونی ہوگی اگر ان میں سے کوئی نہیں تو اس کے لئے بہتر نہیں ہے۔

بال ڈاڑھی حد سے زائد دیکھنا ۔ صاحب خواب کے لیئے رنج وغم کی نشانی ہے۔
بال ڈاڑھی مُنڈ جانا ۔ جو مرتبہ لوگوں کے درمیان اس کا ہے وہ جاتا رہے گا۔ اسی طرح اگر سر و ڈاڑھی کے بال منڈ گئے یا نوچ ڈالے گئے ساتھ ہی تو اس کا قرض بھی ادا ہو جائے گا۔
بال و سر و ڈاڑھی میں روغن لگانا ۔ اگر روغن خوشبودار ہے اور حدِ مقدار پر لگایا ہے تو صاحبِ خواب کی زینت خوب ہوگی اور اگر زائد روغن لگایا ہے یعنی چہرے پر بہہ رہا ہے تو تعبیر اسکی برعکس ہے، اچھی نہیں ہے۔
بال سفید و سیاہ یعنی کھچڑی دیکھنا ۔ فرزند پیدا ہونے کی دلیل ہے اور اگر یہ خواب عورت دیکھے تو اسکے حق میں بہتر ہے۔
بال سر کے پریشان اگر عورت دیکھے ۔ تو اس کا شوہر غائب حاضر ہوگا اور اگر شوہر نہیں تو نکاح کرے گی۔
بال سر کے اگر عورت دیکھے کہ کوئی تراشتا ہے ۔ تو اس کا شوہر اس کو طلاق دے گا اور اگر مرد دیکھے اپنی عورت کے بال سر کے مونڈے ہیں تو اس کے اولاد نہ ہوگی۔
بال زبان پر دیکھنا ۔ رنج وغم کی نشانی ہے۔
بال داڑھی میں نکلے ہوئے عورت دیکھے ۔ تو اس کا شوہر آجائے گا اور اگر موجود ہے تو سفر کریگا اور بیوہ ہے تو نکاح کرے گی اور جو حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہوگا اور وہ لڑکا سردار ہوگا۔
نابالغ کو دیکھنا بال داڑھی کے ۔ اگر لڑکے نے دیکھا کہ میرے داڑھی نکلی ہے تو بلوغت سے قبل مرجائے گا۔
بازو کھلے کسی عورت اجنبی کو دیکھنا ۔ تو صاحبِ خواب مال دنیا سے آسودہ ہو جائے گا۔
بول و براز خواب میں دیکھنا ۔ مال حرام ملنے کی دلیل۔
بیل فربہ کا دیکھنا کہ ہاتھ آیا ہے ۔ تو موافق فربہی اس بیل کے صاحبِ خواب کو نفع بہت ہوگا۔
بیل برنگ زرد یا سرخ دیکھنا ۔ مال سے لدے ہوئے کسی شہر یا موضع میں آتے ہوتے دیکھنا اور بلا وارث کے ہے تو اس جگہ مرض آنے والا ہے۔
بکریاں بہت پالنا ۔ کسی جماعت کا حاکم ہونا۔
بیمار، بجلی اور مینہ دیکھے ۔ تو شفا حاصل ہو اور جو مقروض ہو تو قرض ادا ہو جائے اور قیدی ہو تو چھوٹ جائے۔

باغ سبز دیکھنا:۔ اگر غیر مسلم ہے تو اسلام اور خوشخبری ہے۔
بیل کالاغر دیکھنا:۔ بیماری یا موت یا گرانی غلہ کی دلیل ہے اور یہی تعبیر گوشت سے ہے۔
بکری چرانا۔ حکومت ہاتھ آئے اور دودھ پینا مال سے تعبیر ہے۔
بکریوں کا گلہ دیکھنا۔ حکومت ہاتھ آئے عزیز و اقارب میں باعزت رہے۔
بھیڑی دیکھنا۔ نکاح کی دلیل ہے۔ بھیڑ کو قتل کرنا عورت کو طلاق دینا۔
بیل کا گوشت کھانا۔ روزی مشقت سے ملے گی مگر حلال ہوگی۔
بھینس کا دیکھنا۔ رنج و غم کی دلیل ہے۔
باران رحمت ہونا۔ سال فراخ ہو۔ غلّہ کی ارزانی ہو۔
بھیڑیا دیکھنا۔ حاکم وقت ظالم سے سامنا ہو۔
بالائی کھانا۔ کہیں سے روپیہ ہاتھ آئے، مفت عیش اڑائے اور بعض نے تعبیر اس کے برعکس کی ہے
باز چڑیا دیکھنا۔ دشمن پر فتح پائے۔
بھو کا آپ کو دیکھنا۔ حیرانی و پریشانی و قرضداری کی نشانی ہے۔
باورچی کا دیکھنا، بیابان میں چلنا یا کھانا۔ کثرتِ نعمت سے مال کی دلیل ہے۔
بانی کھاتے پیتے دیکھنا۔ دین و دنیا میں ترقی ہو۔
بندر یا بلّی دیکھنا۔ دشمن سے امن رہنے کی دلیل ہے۔
بہشت یا بہشت کی نعمتوں کو دیکھنا۔ تقوٰی پرہیزگاری اعمال نیک اور بہشت میں بعد مرنے کے داخل ہونے کی دلیل ہے۔
باجرہ دیکھنا یا کھانا۔ خوب نہیں ہے صاحبِ خواب کے لیے۔
بکری کا دودھ پینا خواب میں۔ دنیا عیش و عشرت سے گزرے۔
بالوں میں کنگھی کرتے دیکھنا۔ خوب نہیں ہے۔
بندر خواہ بلّی کا پنجہ مارنا۔ کم عمری کی دلیل ہے یا بیماری کی علامت ہے۔

بزاز کو دیکھنا۔ خواب میں بزاز کو دیکھنا مرتبۂ اعلیٰ کی دلیل ہے اور یہ دیکھے کہ بزاز کپڑا فروخت کرتا ہے تو کسی سے دشمنی پیش آئے۔

ردیف پ

پانی کا کنوئیں سے جوش کھانا۔ پاکیزہ مال سے اللہ تعالیٰ برکت دے گا۔

پانی سے کنواں خالی ہو جانا۔ مال تلف ہو جانا، قدرے باقی رہ جانا، رنج اٹھانا۔

پانی کنوئیں سے نکال کر درخت میں دینا۔ یتیموں کی پرورش کی دلیل ہے۔

پُل صراط دیکھنا۔ دنیا سے نفرت ہو، نیک کاموں سے رغبت ہو۔

پیسہ پانا۔ حیرانی و پریشانی کی نشانی ہے۔

پارہ پانا۔ روپیہ کثیر پائے مگر بلا ضرورت خرچ ہو جائے۔

پاخانہ پھرنا۔ دین سے خالی ہونا مگر دنیا حصول ہو۔

پان کھانا۔ عزت و آبرو بڑھنے کی دلیل ہے۔

پر بازی دیکھنا۔ علم و عرفان حاصل ہو اور ترقی دین و دنیا ہو۔

پیشاب خون کا کرنا۔ پیٹ میں بچہ مر جائے یا عارضہ سخت اٹھائے لیکن صحت ہو جائے۔

پیپ بدن سے جاری دیکھنا۔ اگر بیمار ہو تو صحت ہو، مالدار پریشان ہو، غریب کو آزادی ہو۔

پیاسا آپ کو دیکھنا۔ دنیا کی حرص بڑھے، دین میں خلل پڑے۔

پہننے کا کپڑا پرانا دیکھنا۔ افلاس اور تردد بڑھے۔

پیوندی بیر دیکھنا۔ لڑکا پیدا ہو عزت بڑھے۔

پاؤں دیکھنا۔ سفر کی علامت ہے

پہاڑ دیکھنا۔ دشمن پر فتح مندی کی دلیل ہے۔

پہاڑ پر چڑھنا۔ دولت پانے کی دلیل ہے اور رفعت و بلندی کی نشانی ہے۔

پہاڑ کو ڈھانا۔ کسی ظالم کی بنیاد کو ڈھائے گا، یا کسی کو ہلاک کرے گا۔

پانی پر چلنا۔ دولت ملنے کی دلیل ہے۔
پھول دیکھنا سُرخ۔ اگر باغ میں دیکھے فرزند پیدا ہو یا کوئی خوشی حاصل ہو، دونوں جہان میں بہتری ہو۔
پانی کے اندر کھڑے ہونا۔ تندرستی کی دلیل ہے۔
پرندوں کا دیکھنا۔ بزرگی کی دلیل ہے
پھول دیکھنا سفید۔ راحت و آرام ملے۔
پھول گلاب چنبیلی وغیرہ کا دیکھنا۔ خوشی کی علامت ہے اور نیک نامی کی دلیل ہے۔
پاجامہ پھٹا دیکھنا۔ زوجہ کو طلاق دے گا۔
پیالہ دیکھنا۔ زیادتی رزق کی دلیل ہے۔
پاؤں زمین پر مارنا یا پاؤں دیکھنا۔ رنج اور غم کی نشانی ہے۔
پیٹ خواہ بیٹھ کا دیکھنا۔ تجارت سے نفع ہو، معین و مددگار غیب سے پیدا ہو، مال و فرزند سے زینت ہو۔
پہننا نعلین۔ اگر خواب میں کوئی شخص جوتی پہنے گا تو عورت خوبصورت سے عقد کریگا اور اگر جوتی پیر سے اتار دے گا تو عورت کو طلاق دے گا۔
پاخانہ پھرنا۔ تعبیر اس کی مالِ حرام ہے لیکن جتنی بدبو زیادہ ہوگی اتنا ہی مال حرام ہوگا اور جتنی بدبو میں کمی ہوگی، گناہوں میں کمی ہوگی۔
پانی پر راستہ چلنا۔ کسی پر غالب آنے کی دلیل ہے۔
پگڑی دیکھنا خواہ باندھنا۔ عورت بدصورت ملے یا لڑکی پیدا ہو، مال کثرت سے ملے۔
پہاڑوں پر چڑھنا۔ بلند مرتبہ پر پہنچنے کی دلیل ہے۔
پھلواری کی سیر کرنا۔ خیرِ کثیر اور علوِ مرتبت پر دلیل ہے۔
پیر زن کو دیکھنا۔ اگر وہ غیر معلوم ہے تو اسی سال کے کمال اور نقصان سے تعبیر ہے۔
پیشاب کرتے دیکھنا۔ اگر سختی میں ہے تو حق تعالیٰ اس کو کشائش دے گا۔ اور اگر قرضدار ہے تو اسکا قرض ادا ہوگا۔ اور اگر مالدار ہے تو اس کے مال میں نقصان و زوال آوے گا۔ بقدر زیادتی کمی پیشاب کے۔

پائجامہ دیکھنا۔ رزق میں افزونی ہو، اگر پائنچے پھٹے ہوں تو پریشانی کی دلیل ہے۔

ردیف، ت

تاروں کا زمین پر گرتے دیکھنا۔ جس جگہ وہ ستارے گرتے دیکھے ہیں، اس جگہ نزولِ عذابِ الٰہی ہو۔

تاروں کا ٹوٹتے دیکھنا آسمان پر۔ اگر صاحب خواب تونگر ہو تو محتاج ہو جائے اور اگر محتاج ہے تو تو شہید ہو جائے گا۔

تخت پر بیٹھنا یا دیکھنا۔ صاحب رتبہ ہو یا حاکم صاحب عزت ہو۔

تھوک بہتے منہ سے دیکھنا۔ خِسّت یا بُخل کی دلیل ہے۔

تیر مارنا۔ بیوقوفوں میں عزت پائے گا۔ اُمید دلی برآئے گی۔

تیتر چڑیا دیکھنا۔ مال ملنے کی امید ہے یا ترقی اقبال کی دلیل ہے۔

تابوت جنازہ اپنا دیکھنا۔ زیادتی زندگی کی دلیل ہے

تبسّم ہونا یعنی مسکرانا۔ رنج و غم کی نشانی ہے

تعویذ پانا۔ آسیب میں مبتلا ہو۔ **تکیہ چبانا۔** بزرگی پائے اور بزرگوں میں شامل ہو جائے۔

تِل چبانا۔ چوری میں مبتلا ہونا۔ **تنو پانا۔** ترقی دولت ہو۔

تاج دیکھنا یا پانا۔ اگر کسی بزرگ سے پائے تارک الدنیا ہو جائے۔ بادشاہ سے پائے حکومت ملے۔

تلوار دیکھنا۔ عورت یا بادشاہ خواہ اولاد سے مراد ہے یا افزائش جود و سخا سے مراد ہے۔

تلوار سے لڑنا یعنی مقابلہ کرنا۔ یہ رتبہ بلندی کی دلیل ہے۔

تلوار کا ملنا اور تلوار کا بلند کرنا۔ اگر کسی نے دیکھا کہ تلوار کو بلند کیا ہے اور کسی کو اس سے مارا نہیں ہے تو صاحب خواب کا رتبہ بلند ہوگا یا اسکے گھر دختر نیک اختر پیدا ہوگی۔

تلوار کو ٹوٹتے دیکھنا۔ پسر کے مرنے پر دلیل ہے اور اگر تلوار کا قبضہ ٹوٹ گیا ہے تو اس کا پدر خواہ چچا مر جائے گا، اسی طرح اگر کسی نے دیکھا کہ تلوار کی نوک ٹوٹ گئی ہے تو اسکی دادی خواہ ماں یا خالہ کا انتقال ہوگا یا کوئی عورت قریبی رشتہ دار فوت ہوگی۔

تلوار کا کُند ہو جانا دیکھنا۔ صاحب خواب کے نفع کی راہ بند ہونے کی دلیل ہے۔
تیر پر قابض ہونا یا تیر پانا۔ غلبۂ عزت و شرف کی دلیل ہے۔
تیر کا مارنا۔ کوئی کتاب یا تحریر ایسی جگہ لکھے گا جس سے لوگوں کو رنج ہوگا
تیر معہ کمان کے پانا خواب میں۔ دشمن پر غلبہ پائے گا۔

ردیف ٹ

ٹڈی دیکھنا۔ کہیں کا سردار ہو آمدنی کثیر ہو۔ ٹھیلیا دیکھنا۔ عورت نیک بخت ہاتھ آئے۔
ٹٹو پر سوار ہونا۔ سفر تجارت کا کرے۔ ٹوپی کا دیکھنا حکومت یا سرداری کی دلیل ہے۔
ٹیلوں پر چڑھنا۔ رتبہ بلند ہونا اور عزت بڑھنے کی دلیل ہے، ایسی کسی بلندی پر چڑھنا بھی رتبہ بلند ہونے دلیل ہے۔

ردیف۔ ث

ثور بیل دیکھنا۔ صاحب خواب کے لئے بہتر نہیں ہے۔
ثمر خام دیکھنا۔ کوئی کام اختتام کو نہ پہنچنا، ناکام رہنا۔

ردیف۔ ج

جنات کے ساتھ آپ کو دیکھنا۔ کہیں فریب میں پھنسنے کی اور نقصان کی دلیل ہے۔
جَو کا دیکھنا۔ حلال روزی نصیب ہوگی مگر تھوڑی مصیبت کے بعد۔
جواہر کا دیکھنا۔ اللہ کی یاد میں مشغول ہونے اور مال ملنے کی دلیل ہے
جھنڈا دیکھنا۔ عالم ذی وقار ہو قوم کا سردار ہو خواہ خزانہ ملے۔
جھنڈا اسفید دیکھنا۔ توانگر اور صاحب عزت ہونے کی دلیل ہے۔
جھنڈا سبز دیکھنا۔ کہیں جا کر مصیبت اٹھائے مگر سلامت گھر آئے۔
جھنڈا سرخ۔ نیک نام مشہور ہو اور خوشی حاصل ہو۔
جھنڈا زرد۔ بیمار ہو کر صحت حاصل ہو۔

جھنڈا سیاہ ۔ جدھر جائے ظفریاب ہو لوگ عزت کریں ۔
جماع کرتے دیکھنا ۔ ترقی مال اور زینت دنیا کی علامت ہے ۔
جماع مُردے سے کرنا ۔ جس کام سے مایوس ہو چکا ہو اس کا انجام ہو
جماع مُردے کو اپنے ساتھ کرتے دیکھنا ۔ راحت و آرام سے زندگی بسر ہو، عزیزوں سے نفع ہو
جنگل ہرا دیکھنا ۔ دافع رنج والم ہو، مسرت کا سامنا ہو اور خشک دیکھنا اس کے برعکس ہو
جہاد کرنا ۔ دنیا اور آخرت میں عزت ملنے کی دلیل ہے ۔
جونک دیکھنا ۔ بیماری کی علامت ہے ۔
جوان دیکھنا ۔ کمزوری اور حقیری کی دلیل ہے ۔
جوتہ پہننا ۔ کنیز خواہ حسینہ عورت سے وصل ہو ۔
جوتہ تنگ پہننا ۔ اپنی عورت سے لڑائی کرنے کی دلیل ہے یعنی عورت تنگ کرے ۔
جوتہ پیر سے اتارنا ۔ عورت کو طلاق دینے کی دلیل ہے
جوتہ کا ٹوٹ جانا یا پھٹ جانا ۔ صاحب خواب کی زوجہ کا انتقال ہو نہایت ملال ہو ۔
جوتہ ایک پھٹ جانا یا چھن جانا ۔ برادر حقیقی کے مرنے کے آثار ہیں ۔
جامۂ فیروزی کا پہننا ۔ صاحب خواب کے لئے نہایت مبارک ہے ۔ نصیبہ زور آور ہو ۔ اسی طرح سے اگر کسی نے دیکھا کہ جامہ سیاہ رنگ کا پہنا ہے تو بھی اس کی زندگی خوشگوار گزرے گی ۔
جامۂ سرخ کا پہننا ۔ صاحب خواب کو حاکم خواہ بادشاہ وقت سے خطرہ ہو ۔
جامہ سبز ۔ صاحب خواب کو نعمت زر حاصل ہونے کی دلیل ہے ۔

ردیف ۔ چ

چونٹیوں کو گھر آتے دیکھنا ۔ مال کثیر ہاتھ آنے کی دلیل ہے ۔
چشمہ دیکھنا ۔ خیر و برکت و نعمت پر دلیل ۔
چھت کو اپنے اوپر گرا دیکھنا ۔ کسی بزرگ سے رنج پہنچنے کی دلیل ہے یا کوئی بزرگ سفر سے واپس آئے ۔

چاندی کا دیکھنا ۔ مالِ حلال پر دلیل ہے ۔

چاندی کی انگوٹھی پہننا ۔ اپنی لیاقت کے موافق عزت و بزرگی ملے یا کسی عورت حسینہ سے عقد ہو یا فرزند پیدا ہو ۔

چراغ روشن دیکھنا ۔ درازی عمر اور تندرستی سے دلیل ہو ۔ اگر غیر شادی شدہ ہے تو شادی کی دلیل ہے ۔ اور مفلس ہے تو توانگری اور بیکار ترکا کار ہونے کی دلیل ہے ۔

چاند دیکھنا ۔ بزرگی و عقلمندی کی خواہ حکیم و حکمت کی دلیل ہے یا عورت ملے یا اولاد کی بھی دلیل ہے ۔

چاند گہن دیکھنا ۔ غلہ کی گرانی ہو یا عورت کا اسقاط حمل ہو یا روزی کی تنگی ہو یا حاکم وقت پر کوئی آفت آئے ۔

چاندنی کھلی دیکھنا ۔ منفعت اور دولت ملے ، عزت سے زندگی بسر ہو ۔ افزونی ، نعمت اور دولت ملے ۔

چاند کو آغوش میں لینا ۔ اولاد کی بشارت ہے ۔

چاند کا اپنے پاس آتے دیکھنا ۔ لڑکا پیدا ہو یا کہیں کا حاکم وقت ہو ۔

چوہا دیکھنا ۔ عورت بد سیرت و بد صورت پائے ، تمام عمر رنج اٹھائے

چوکھٹ چومنا ۔ عورت کا تابع ہو ، راہ سے بے راہ ہو یا کسی کی محبت میں ذلیل و خوار ہو ۔

چھال درخت کی کھانا ۔ افلاس کی دلیل ہے

چادر دیکھنا ۔ نیک بی بی ہاتھ آئے ۔

چھت دیکھنا ۔ رتبہ بلند ہو ، صاحب دولت ہو ۔

چاول دیکھنا ۔ بعد چندے مصیبت راحت نصیب ہو ۔

چھوٹے چھوٹے پرندے دیکھنا ۔ خوشدلی کی دلیل ہے ۔

چھینکنا ۔ جس مطلب میں شک پڑ جائے وہ بے شک و شبہ شک پوری ہو ۔

چھاگل دیکھنا ۔ صاحب خواب کے لئے بہتر نہیں ہے

چھڑی دیکھنا ۔ دشمن خود ہی مارا جائے ۔

چھاتی دیکھنا ۔ شادی ہو کثرت اولاد لڑکیوں کی ہو ۔

چیتے کے مقابل سے بھاگتے دیکھنا۔ فتح مندی اور مقصد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
چوہے کو دیکھنا کر کوئی چیز کُتر کر کھاتا ہے۔ تو صاحبِ خواب کی عمر کے نقصان کی دلیل ہے۔
چکور کا دیکھنا۔ عورت خوبصورت اور پارسا پر دلیل ہے کہ ہاتھ آئے گی۔
چیل کا دیکھنا۔ درازیٔ بیماری ہو۔
چھاچھ۔ فکر پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
چھوٹی ہونا داڑھی کا۔ عزت آبرو کم ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ح

حوض کا دیکھنا۔ خیر و برکت و نعمت پر دلیل ہے۔
حمام میں غسل کرنا۔ فکر و غم سے رہا ہونے کی دلیل ہے۔
حمام بلا پانی کے دیکھنا۔ عورتوں سے رنج پہنچے۔
حلال جانوروں کا دودھ پینا کوئی جانور حلال ہو۔ روزی حلال اور طریق پسندیدہ نیک کاموں پر دلیل (گائے بکری وغیرہ) ہے اور جن جانوروں کا گوشت حرام ہے اس کا دودھ پینا بیماری اور خکم کی دلیل ہے۔
حرم شریف دیکھنا۔ ہم چشموں میں توقیر و عزت ہو۔
حیض سے پاک ہو کر غسل کرنا۔ اگر بیمار ہے صحت کی دلیل ہے اور مغفرت کی اُمید ہے۔
حیض سے نہ ہو اور حائض دیکھے۔ اس سے کوئی گناہ سرزد ہونے کی دلیل ہے۔
حمام بنانا۔ دشمن تباہ ہوں یا نیک عورت ہاتھ آئے۔
حلال کرنا جانوروں کا۔ حاکم وقت سے نفع کی امید ہے یا کار خیر کی اُمید ہے۔
حلوہ کھانا۔ جہالت سے دُور ہو، راحت کا حصول ہو۔
حجامت بنوانا۔ خاندان میں کوئی آفت آئے
حصار یعنی قلعہ کا دیکھنا۔ اگر کوئی شخص قلعہ میں محصور ہو تو سردار قوم یا نئے یاروں سے ہم آغوش ہو

یا دین کا محافظ ہو۔

حمام میں پیشاب کرنا۔ مرض ہو یا کوئی سختی اٹھائے۔

حجام کو دیکھنا۔ مالدار کے لئے اچھا نہیں ہے، مال کا نقصان یا کوئی اور رنج پہنچے۔

حمار یعنی گدھے کا خواب میں دیکھنا۔ اگر حمار پر سوار دیکھے اور حمار کو اپنے قبضے میں دیکھے تو اسکی کوشش کامیاب ہو جو کہ وہ کر رہا ہے اور تعبیر مال و زر سے ہے۔

حمار پر سوار دیکھنا۔ خیر و برکت کی دلیل ہے۔

حمار سے گرنا۔ پستی درجہ کی دلیل ہے۔

حمار کا گوشت کھانا۔ مال حرام و خبیث حاصل ہونے کی دلیل ہے

حمار کا دودھ پینا۔ مرض شدید میں مبتلاء ہونے کی دلیل ہے بعض نے صحت سے تعبیر کیا ہے۔

ردیف۔ خ

خوان کھانے سے بھرا دیکھنا۔ عیش حاصل ہونے پر اور درازی عمر پر دلیل ہے۔

خچر کو خواب میں دیکھنا۔ سفر کی دلیل ہے

خاک کا کھانا۔ مال بہت ملنے کی دلیل ہے یا تو معاش کی تکلیف اٹھانے کی نشانی ہے۔

خاک پر چلنا۔ دولت مند ہونے کی دلیل ہے۔

خمیر کا دیکھنا۔ سخی ہو فقراء کو فائدہ پہنچے، اولاد زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

خچر کا دودھ پینا۔ تنگی معاش کی دلیل ہے

ختنہ کرنا یا ختنہ کرتے دیکھنا۔ گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے اور روپیہ و نعمت سے خوش ہونے کی دلیل ہے۔

خرگوش دیکھنا۔ عورت ملنے سے تعبیر ہے۔

خچر کا گوشت کھانا۔ خراب عورت کا مال ہاتھ آئے اور بیجا صرف ہو جائے۔

خچر غیر پر سوار ہوتے دیکھنا۔ مالک خچر کی عورت سے خیانت کرنا۔

خربوزہ کھانا ۔ دولت ہاتھ آنے کی دلیل ہے لیکن جلدی صرف ہونے کی سبیل ہے ۔
خرما کھانا ۔ حاجی ہونے کی دلیل ہے اور جو دعا کرے قبول ہونے کی اُمید رکھے ۔
خون اپنے جسم سے بغیر زخم کے بہتا دیکھے ۔ اگر کسی نے دیکھا کہ جسم سے خون یا پیپ جاری ہے اور تمام بدن آلودہ ہوگیا ہے تو مالِ حرام ملنے کی دلیل ہے ۔ جس حیثیت سے خون یا پیپ جاری تھا یعنی کمی بیشی ۔
خوش آپ کو دیکھنا ۔ رنج وغم کی نشانی ہے اور رنج وغم دیکھنا نہایت شادمانی ہے ۔

ردیف ۔ د

دانت گرتے دیکھنا ۔ راحت وآرام اور عمر دراز ہونے کی دلیل ہے ۔
دانت سونے چاندی کا دیکھنا ۔ بیماری کی علامت ہے
درخت بے ثمر دیکھنا ۔ ذلیل وخواری کی دلیل ہے ۔
درخت پھولوں کا دیکھنا ۔ روپیہ ملنے اور عیش کرنے کی دلیل ہے ۔
درخت پر چڑھتے دیکھنا ۔ رتبہ بلند پائے یا حاکم سے فائدہ اٹھانے کی دلیل ہے ۔
دریا سے پار ہوتے دیکھنا ۔ تحصیل علم سے فراغت پائے رنج بدل کر راحت پائے ۔
دریا میں ڈوبتے دیکھنا ۔ نیک کاموں سے کنارہ کرے بُرے کاموں میں جا گھسے ۔
دودھ عورت کا پینا ۔ اگر منکوحہ ہے تو الفت بڑھے اور اگر غیر ہے تو فائدہ پہنچے ۔
دیو دیکھنا ۔ اگر بدشکل ہے رنج اٹھائے اور اگر خوشرُو ہے تو بلند مرتبہ پائے علم معرفت بڑھ جائے ۔
دختر پیدا ہوتے دیکھنا ۔ اگر یہ خواب عورت دیکھے پسر کی دلیل ہے اور اگر مرد دیکھے تو دختر کی دلیل ہے ۔
دہی دیکھنا ۔ سفر کی دلیل ہے لیکن تندرست واپس آنے کی دلیل ہے ۔
دوزخ کے عذاب میں اپنے تئیں گرفتار دیکھنا ۔ جورو بدصورت ، بدسیرت ملے نہایت تنگ کرے ۔
دودھ ان جانوروں کا پینا جنکا کھانا حلال ہے ۔ روزی ملنے کی دلیل ہے اور اسکے برعکس تکلیف پانے کی نشانی ہے ۔

دوزخ سے باہر نکلنا۔ دینداری اور پرہیزگاری کی دلیل ہے۔ یا سفر سے واپس ہوگا۔ اندر دیکھا ہے تو گناہوں سے توبہ کرے گا۔ دنیا دار سفر کرے۔

دوزخ کے رنج و بلا میں مبتلاء دیکھنا۔ دنیا کی رنج و مصیبت کی نشانی ہے۔

دلال کو دیکھنا۔ صاحبِ خواب کو کوئی ہدایت کرنیوالا پیدا ہونے والا ہے۔

دانت کو بآسانی اکھڑتے دیکھنا۔ بھائی یا فرزند کے پیدا ہونے کی دلیل ہے۔ یا مال ہاتھ آئے۔

دانتوں میں کسی طرح کا نقصان یا تکلیف دیکھنا۔ عزیزان خاص کے نقصان کی دلیل ہے۔

دانت کا گرنا دیکھنا۔ عمر کی درازی کی دلیل ہے۔

دانتوں کو روشن یا خوبصورت دیکھنا۔ نیکیٔ حال پر دلیل ہے۔

دانت پتھر یا موم یا لکڑی کے دیکھنا۔ صاحبِ خواب کی وفات کی نشانی ہے یا باعثِ ہلاکت و مصیبت ہے صدقہ دینا چاہیئے، واضح ہو کہ دانتوں کا دیکھنا گھر کے آدمیوں کی دلیل ہے۔ جیسے دو اوپر کے دو نیچے کے سامنے والے ان چاروں کو دیکھنا بیٹوں اور بھائیوں اور بہنوں سے منسوب ہے اور جو ان چاروں کے متصل ہیں ان چاروں کا دیکھنا ماموں اور چچا سے نسبت رکھتا ہے اور داڑھیں جس سے کھانا کھایا جاتا ہے اوپر کی باپ کے عزیزوں سے منسوب ہیں اور نیچے کی داڑھیں ماں کے عزیزوں سے منسوب ہیں، اسی طرح دانتوں کا نفع نقصان جو جس کیطرف منسوب ہے تعبیر سمجھ لینا چاہیئے۔

دانت اپنا گرتے دیکھنا۔ کوئی عزیز مر جائے یا کوئی اور رنج کا سامنا ہو۔

دانت سیاہ دیکھنا۔ مرنے کی دلیل ہے۔

دانت چاندی کا دیکھنا۔ رنج و مصیبت کی دلیل ہے۔

درس دینا۔ اگر عالم ہے دولتِ آخرت پاوے۔ اگر دنیا کا عالم ہے تو مالِ دنیا سے مالا مال ہو۔

دوشالا دیکھنا یا پانا۔ عورت مالدار ہاتھ آئے یا کسی امیر سے عزت ملے۔

دیگ دیکھنا۔ عورت دیکھے مرد جوان سے عقد ہو، مرد دیکھے عورت حسینہ ملے

دسترخوان خالی دیکھنا۔ پریشانی کی دلیل ہے۔

دسترخوان کھانے سے بھرا دیکھنا۔ ترقی نعمت کی دلیل ہے۔

دوات دیکھنا۔ عورت مالدار سے عیش نصیب ہو یا زن کے حاملہ ہونے کی دلیل ہے۔

دوا کھانا۔ یا دیکھنا۔ مصیبت یا پشیمانی اٹھانے کی دلیل ہے۔

دہی کھانا۔ غم والم کی دلیل ہے۔

درخت کے پتے دیکھنا۔ روپیہ ملے حاکم سے عزت ملے۔

درخت پر چڑھتے دیکھنا۔ رتبہ بلند ہو، بے حد نفع ہو اور اترتے دیکھنا ذلت و خواری کی دلیل ہے۔

درخت آلو کا دیکھنا۔ بیماری اٹھائے یا کسی بلا میں مبتلاء ہونے کی دلیل ہے۔

دروازے کا جل جانا۔ گھر ویران ہو یا مرض میں مبتلاء ہو، خواری و ذلت کی دلیل ہے۔

دروازے کے پٹوں کا گر جانا۔ اگر دونوں لڑکیاں ہیں دونوں مر جائیں گی، شوہر کے گھر سے نکل جائینگی۔

دیوار سے گر پڑنا۔ جس حال میں ہے اس سے گر جائیگا، ذلیل و خوار ہو کر مر جانے کی دلیل ہے۔

دروازے کا کھدُ جانا۔ عورت صاحب خانہ کے مر جانے کی دلیل ہے

دروازہ دوسرا بنانا۔ اپنے مکان کو بیچنے کی دلیل ہے یا صاحبِ خواب کی زوجہ، دوسرے سے نکاح کریگی۔

درزی کو دیکھنا۔ اپنے دین کو بیچتا ہے اور دنیا کو خریدتا ہے۔

دریا سے پانی پینا۔ مرتبہ بڑھ جائے حاکم وقت سے روپیہ ہاتھ آئے۔

دریا کے پار ہونا۔ موت کی دلیل ہے۔

دریا خواہ نہر میں غسل کرنا۔ بیمار ہو تو صحت ہو، گناہوں سے پاک ہو، کوئی خوشی کی بات سُننے کی دلیل ہو۔

دانت پتھر یا لوہے خواہ لکڑی کے دیکھنا۔ صاحبِ خواب کی موت کی نشانی ہے۔

دانت سونے کے دیکھنا۔ مرض میں مبتلاء ہونے کی دلیل ہے۔

دریا یا نہر کی دلدل میں پھنسنا۔ رنج و غم کی نشانی ہے۔

دریا دیکھنا۔ دولت و ترقی جاہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

دریا کی موج دیکھنا۔ مشقت اٹھانے کی دلیل ہے۔

دریا کو تاریک دیکھنا۔ سختی کی نشانی ہے

دوپٹہ زنانہ دیکھنا۔ عورت کو شوہر نیک ملے، عزت سے گذر بسر ہو۔

داڑھی نوچی دیکھنا۔ عورت سے جنگ ہو نہایت تنگ ہو۔

ڈول دیکھنا۔ اگر خالی ہے تو پریشانی ہے اور بھرا دیکھے تو شادمانی ہے۔

داڑھی گھنی دیکھنا۔ اگر مفلس ہے تو پریشان حال ہو اور تونگر ہے تو خوشحال ہو۔

داڑھی سفید دیکھنا۔ عزت و وقار کی دلیل ہے۔

داڑھی سیاہ دیکھنا۔ ہمیشہ دولت اقبال گھر کا غلام ہو۔

داڑھی والی عورت دیکھے۔ اگر بیوہ ہے تو نکاح ہو اور اگر شوہر سفر میں تو واپس آئے گا اور اگر موجود ہے تو سفر کرے گا۔ اور جو حاملہ ہو تو لڑکا پیدا ہوگا۔ اور لڑکا قوم کا سردار ہوگا۔

داڑھی کا دراز ہونا۔ عزت و مرتبہ زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

داڑھی کا چھوٹا دیکھنا۔ عزت و آبرو کم ہونے کی دلیل

داڑھی لڑکے کو اپنی نکلی ہوئی دیکھنا ہے۔ قبل بلوغت انتقال ہو جائے گا۔

داڑھی اور سر کو منڈا ہوا دیکھنا۔ رنج و مصیبت شدید اٹھانے کی دلیل ہے

دُنبہ دُنبی کا دیکھنا۔ اگر دُنبی کا مالک ہوا ہے یعنی اس کے ہاتھ آئی تو اسکو عورت نیک مع مال کے ملنے کی دلیل ہے۔

دُنبی کا گھر سے نکل جانا یا چوری ہو جانا۔ صاحب خواب کے لیے اس کی بیوی سے کوئی ایسی بات درمیان میں ہو گی جس سے بے حد ناخوشی درمیان میں پیدا ہو گی۔

دُولہا اپنے آپ کو دیکھنا۔ اگر دلہن صاحب خواب کو پہچانتی ہے تو گویا اس سے عقد ہو گا اور اگر عروس صاحب خواب کے نامزد ہوئی بدون پہچان و معرفت کے تو صاحب خواب کی موت آئے گی دلیل ہے شہید ہو کر واصل الی اللہ ہو۔

دلوانہ اپنے کو دیکھے۔ مال ملنے کی دلیل ہے لیکن بے صرف ہو گی۔

دہی چھاچھ وغیرہ دیکھنا۔ فکر و غم کے پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
دستار یعنی پگڑی دیکھنا۔ دولت و عزت سے مراد ہے۔
دُھینے کو دیکھنا۔ نیک عمل کرنے کی دلیل ہے
دھوبی کو دیکھنا۔ بغض و عداوت اور معاشی کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ذ

ذکر خُدا کرتے دیکھنا۔ مرشد یا عابد خواہ موحد ہونے کی دلیل ہے۔
ذکر یعنی اعضائے تناسل کا طویل دیکھنا۔ کثیر الاولاد ہوگا۔ اگر عورت نہیں تو زنِ جمیلہ سے نکاح کرے گا، عورت دیکھے تو لڑکا پیدا ہوگا۔
ذکر کٹا ہوا دیکھنا۔ اولاد مرجائے گی، خود صاحب خواب کی موت کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ر

روزہ رکھنا۔ نیک صالح ہونے کی اور دولت حکومت آنے کی دلیل ہے۔
رستا دیکھنا۔ راہِ دین ہاتھ آئے دوسروں کو بھی راہِ حق دکھائے۔
رونا خواب میں دیکھنا۔ خوشی کی علامت جاگنے پر ہے۔
رکابی دیکھنا۔ روزی حلال ملے یا غلام خیر خواہ سے دلیل ہے
روپیہ ہاتھ میں لینا۔ غیبت و برائی سے روزی ملے، تنگیٔ معاش سے دلیل ہے۔
روپیہ بنانا۔ دولت کی تمنا میں عمر ضائع ہونے کی اور نیکی نہ کرنے کی دلیل ہے۔
روپیہ ضائع کرنا۔ کسی جاہل سے رنج اٹھائے اور روپیہ صرف ہونے کی دلیل ہے۔
روغنی روٹی کا دیکھنا۔ مال حلال ملنے پر دلیل ہے۔
رعد کی کڑک ہمراہ بارش دیکھنا۔ بیماری سے شفاء، قرضداری سے نجات ادائے قرض کی دلیل ہے
رعد مع ہوا کے دیکھنا۔ حاکم کے غضب ناک ہونے کی دلیل ہے۔
رعد اور پانی کا ہمراہ دیکھنا۔ تکلیف و مصیبت سے رہائی ہو، بیماری سے شفاء، قرضداری ادا ہونے کی دلیل ہے۔

رس کا دیکھنا - شادمانی و خوشحالی کی دلیل ہے

روشنی دیکھنا - مرشد اچھا ہاتھ آئے راہ ضلالت سے چھڑائے

رات کا دیکھنا - صدمہ اٹھانے اور چھپے راز کے کھلنے کی دلیل ہے۔

روڑی دیکھنا - تجارت میں زیادہ فائدہ ہونے کی نشانی ہے۔

راکھ دیکھنا - بہت تھوڑے دکھ کے بعد راحت کی نشانی ہے۔

روباہ دیکھنا (لومڑی) مکاری کی علامت ہے۔

رخسارہ دیکھنا - قدر بڑھے یا معشوق اچھا ہاتھ آئے۔

روغن سیاہ دیکھنا - سفر سے سلامت واپس گھر آنے کی علامت ہے۔

روغن زرد دیکھنا - رنج و غم کی نشانی ہے۔

ریگ دیکھنا - یعنی اڑتی ہوئی خاک مال بکثرت ملنے کی اُمید ہے۔

ریگ پر چلنا یا خاک اڑانا - بعد مصیبت کے راحت نصیب ہو یعنی کوشش کے بعد مال ہاتھ آئے اور فراغت سے اڑائے۔

روغن سر پر ملنا - اگر روغن اندازے کے موافق ہے تو سارے کام زیب و زینت پانے کی دلیل ہے اور جو اندازے سے زائد ہے تو فکر لاحق رنج و غم کی دلیل ہے۔

رونا خواب میں یا اپنے تئیں دیکھنا - خوشی کی دلیل ہے۔

ریگ و خاک آسمان سے برستے دیکھنا - جس جگہ یہ خواب دیکھے وہاں نعمت اور روزی فراخ ہونے والی ہے۔

روشنی چاند کی زمین پر پھیلی دیکھنا - وہاں کے باشندوں کو حاکم وقت سے نفع ہونے کی دلیل ہے

راستہ سیدھا دیکھنا - دین و اسلام پر دلیل ہے اور ٹیڑھا راستہ دیکھنا بے دینی پر دلیل ہے۔

روٹیاں بکثرت دیکھنا - دوستوں کے بکثرت ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ز

زکوٰۃ دینا۔ فکر و تردد جاتا رہے اور تجارت میں نفع کی نشانی ہے۔

زمزم پینا۔ زہد و تقویٰ کی نشانی ہے

زبان سے لعاب گرتے دیکھنا۔ کوئی مصیبت پیش آنے والی ہے یا پھر مرض کی نشانی ہے

زبان پر بال جمے دیکھنا۔ آفت و رنج کی دلیل ہے ۔ اسی طرح زبان کو دراز یا کسی چیز سے بندھی ہوئی دیکھنا بھی رنج کی دلیل ہے ۔

زینہ پر چڑھنا ۔ ترقی کی نشانی یا مرتبہ کی بلندی کی نشانی ہے ۔

زنجیر دیکھنا ۔ صاحبِ خواب کیلئے پریشانی آتی ہے اور یہی تعبیر خواب میں زنجیر کے پکڑنے کی ہے

زمین پر بنا ڈالنا ۔ دنیا میں نام ہو یا فرزند نیک تولد ہو انجام نیک ہو

زمین میں اپنے آپ کو گڑتے دیکھنا ۔ موت آئے یا زیادہ مصیبت اٹھائے یا سفر پیش آنیکی دلیل ہے ۔

زلزلہ دیکھنا ۔ حاکم وقت پر مصیبت آئے ۔ **زندہ کو مُردہ دیکھنا ۔** عمر دراز ہو ۔

زاہد و عالم کو دیکھنا ۔ نیک اور نیک نامی کی دلیل ہے ۔

زندہ مُردے کو دیکھنا ۔ خوشی خرمی کی دلیل ہے ۔

زمین کا بات چیت کرنا ۔ نہایت خیر خوبی کی دلیل ہے ۔

زمرد خواہ یاقوت کا دیکھنا یا پانا ۔ دختر نیک اختر پیدا ہونے کی دلیل ہے ۔

زنجیر گلے میں بندھی دیکھنا ۔ عورت بد ذات سے سابقہ پڑنے کی دلیل ہے ۔

زینہ خواہ سیڑھی پر چڑھتے دیکھنا ۔ ترقی دینِ اسلام کی دلیل ہے اور کبھی ترقی دنیا سے بھی دلیل ہے ۔

زرد و سرخ بیل پر از بار کو کسی شہر یا موضع میں داخل ہوتے دیکھنا ۔ اگر ایسے بیل کا کوئی وارث نہیں ہے، تو اس جگہ مرض آنے کی دلیل ہے ورنہ نابہتری کی دلیل ہے

زنبور یعنی بھڑ اور شہد کی مکھی دیکھنا ۔ مرد سفلہ پن اور سخن چین کی دلیل ہے ۔

زمین کو طے کرنا ۔ موت آنے کی دلیل ہے ۔ **زہر کھانا ۔** غصہ کی دلیل ہے جو کام نہایت ذلیل ہے ۔

زعفران یا جو شئے خوشبودار ہو اسکا دیکھنا - ان سب کا دیکھنا تعریف و ثناء، اور نیک اور علم شریف دین. پاک اور مال نیک زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی نشانی ہے اور بدبو کی چیزیں اس کے برعکس جاننا چاہیئے۔

زر سرخ دیکھنا - اگر زر سرخ کسی صورت میں بھی ہاتھ آئے تو فرحت اور خوشی کی دلیل ہے اور کسی صورت سے اپنے سے دوسری جانب کو جائے تو صدقہ کرے ورنہ مصیبت آنے کی نشانی ہے -

زمین دیکھنا - نعمتِ دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے -

زمین کھودنا - مٹی کھانا - تکلیف سے بسر اوقات ہونے کی دلیل ہے -

زمین کو ہلتے دیکھنا - اگر حاملہ عورت دیکھے اسقاطِ حمل ہو اور اگر مرد دیکھے تو عتاب حاکم میں گرفتار ہو

زمین کو برابر دیکھنا - دولت ملنے پر دلیل - زمین کو بوتے دیکھے - تمام مقاصدِ دین و دنیا ملنے کی دلیل ہے

زعفران دیکھنا - مال ملنے یا نیک عورت ملنے کی دلیل ہے

زیور دیکھنا - عزت و آبرو پانے کی دلیل ہے -

زردہ دیکھنا - رتبہ بلند ہو اور آفات سے بچنے کی دلیل ہے -

زبان لمبی دیکھنا - فحش گوئی کی دلیل ہے

زبان منہ سے باہر نکلی ہوئی دیکھنا - تہمت لگنے یا شرمندگی اٹھانے کی دلیل ہے -

ردیف - س

سورۂ فاتحہ کا پڑھنا خواب میں - سورہ الحمد کا پڑھنا دعا قبول ہونے اور شاد و مسرور ہونے کی دین و دنیا میں دلیل ہے یا پھر عقد کی سبیل ہے -

سورۂ بقرہ کا پڑھنا یا سننا خواب میں - تمام عمر رزق سے آسودہ رہنے کی دلیل ہے -

سورۂ حشر کا پڑھنا - اس کے تلاوت کرنے والے سے بروز حشر اللہ تعالیٰ راضی ہوگا -

سورۂ کوثر - دونوں جہان میں خیر و برکت کثیر کی دلیل ہے -

سورۂ لہب - توحید پر قوی ہونے کی اور پاک زندگی بسر ہونے کی دلیل ہے -

سورۂ الم نشرح - تمام امور آسان ہونے کی اور اسلام کی فرمانبرداری کی دلیل ہے -

سورۂ فیل ۔ دین اسلام کو اس کے ہاتھ سے فتح ہونے کی دلیل ہے۔
سورۂ اخلاص ۔ زندگی میں ترقی ہو یہاں تک کہ اس کے سامنے سب اعزّہ و گھر والے نہ جائیں اور صاحب خواب تنہا رہ جائے، موحد ہو۔
سورۂ فلق ۔ برائیوں سے بچنے کی نشانی ہے۔ **سورۂ ناس** ۔ جملہ بلاؤں سے محفوظ رہنے کی دلیل ہے۔
سورج دیکھنا ۔ اگر عقد نہیں ہوا ہے، عقد عورت زردار سے ہو اور رزق روزی افزونی ہو۔
سورج پر اندھیرا دیکھنا ۔ مرض یا کسی مصیبت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔
سورج کی روشنی خوب دیکھنا ۔ ترقی رزق اور بلندیٔ رتبہ کی دلیل ہے۔
سورج کو گہن میں دیکھنا ۔ ماں باپ کے مرنے کی دلیل ہے۔
ستاروں کو روشن دیکھنا ۔ خانہ آبادی ہو یا حاکم وقت سے خاص فائدہ ہو۔
ستاروں کو ٹوٹتے دیکھنا ۔ شہادت کا درجہ نصیب ہو یا غنی مالدار ہو۔
ساگ دیکھنا ۔ فتنہ فساد برپا ہونا۔ **سفید لباس پہننا** ۔ غنی مالدار ہونے کی یا جنتی ہونے کی دلیل ہو۔
سونے کی انگوٹھی پہننا ۔ مال مفت میں ہاتھ آئے۔
سونا پاتے دیکھنا ۔ سرداری ملے، تنگی دور ہو جائے، مال سے مالامال ہو جائے۔
سونا گلانا ۔ اچھا نہیں ہے صاحب خواب کے ہرگز بہتر نہیں ہے۔
سوئی میں دھاگا ڈالنا ۔ صاحب خواب کے لئے تنگیٔ معاش کی دلیل ہے۔
سر اپنا جدا دیکھنا ۔ حاکم کے عتاب میں مبتلا ہونے اور اپنے اقارب سے جدا ہونے کی دلیل ہے۔
سر اپنے ہاتھ سے مونڈتے دیکھنا ۔ خلق کی نظروں سے گرنے اور بے عزتی کی دلیل ہے۔
سر کے بال کھلے دیکھنا ۔ اگر مسافر ہو تو وطن کو واپس آئے عورت اگر کنواری ہے تو شادی ہونے کی دلیل ہے۔
سرسوں کا دیکھنا ۔ تجارت میں نفع کثیر کی دلیل ہے۔ **سرکا دیکھنا** ۔ نقصان کی دلیل ہے۔
سانپ کا گود میں لینا ۔ لڑکا شریر پیدا ہو جس سے ہمیشہ تکلیف کا سامنا ہو۔
سانپ سے بات خوش سننا ۔ دشمن سے نفع ہو اور رنج و غم دور ہو۔

سؤر دیکھنا۔ نوکری کافر کی کرے۔ فسق و فجور میں مبتلا رہے۔

سانپ کا گوشت کھانا۔ دشمن سے مال ملے لیکن بے جا صرف ہو جائے۔

سر ننگا دیکھنا۔ نقصان مال کی دلیل ہے۔ سر میں سرمہ لگانا۔ مژدۂ غیبی کی بشارت ہے یا مال پانے کی نشانی ہے۔

سانپ کا بچہ دیکھنا۔ ضرر ہے لیکن کم ضرر ہے اور کنبہ سے دشمنی بڑھنے کی دلیل ہے۔

ستاروں کا دیکھنا۔ فرزند تولّد ہونے کی دلیل ہے۔

سر بلند اپنا دیکھنا۔ دولت، مرتبہ اور بزرگی کی دلیل ہے اور سر چھوٹا دیکھنا اس کے برعکس ہونے کی دلیل ہے۔

سر کے بال تراشے دیکھنا۔ اگر فقیر ہے تو افلاس سے چھوٹنے کی دلیل ہے۔

سر کے بال اپنی عورت کے مونڈنا۔ اولاد نہ ہونے کی دلیل ہے۔

سیڑھی دیکھنا خواہ زینہ پر چڑھنا۔ ترقی دین و اسلام پر دلیل ہے۔

سر کے بال جھڑتے دیکھنا۔ خوشی حاصل ہونے اور قرض ادا ہو جانے کی دلیل ہے۔

سبزہ دیکھنا۔ اگر وہ نامعلوم جگہ ہو یا ایسی جگہ اُگا ہو جہاں جمنے کی عادت نہیں ہے، جیسے رہنے کا گھر یا مسجد وغیرہ تو مرد خواہ بطور شراکت وغیرہ کے یا بطریق دامادی کے داخل ہونے کی دلیل ہے۔

سیر و تفریح کرنا باغ یا پھلواری میں دیکھنا۔ حق تعالیٰ کی طرف سے ہدایت اسلام میں ترقی کی دلیل ہے۔

سر و ریش میں روغن ملنا اور تمام بدن میں ملنا۔ اگر موافق ملنے کے ہے تو خیر و برکت کی نشانی ہے، اور اگر اندازے زائد ملتا ہے مثل ٹپکنے یا بہنے کے تو رنج و غم پہنچنے کی دلیل ہے۔

سوئی کا دیکھنا۔ کسی مفسد، فتنہ انگیز کی طرف سے بدی کی دلیل ہے۔

سانپ دیکھنا۔ سانپ کا دیکھنا دشمن سے دلیل ہے، چنانچہ جس قدر سانپ قوی ہوگا، دشمن بھی ویسا ہی ہوگا، اور جو سانپ کو فرمانبردار دیکھے دولت کمانے کی دلیل ہے (بقیہ تعبیرات سانپوں کی ردیف م میں دیکھئے)

سانپ کو اپنے اوپر گرتے دیکھنا۔ حاکم یا بادشاہ سے کوئی رنج پہنچنے کی دلیل ہے۔

سانپوں کو اپنے گرد جمع دیکھنا۔ اگر ان کو کوئی نقصان پہنچنے کا اندیشہ نہیں ہے تو سرداری کی دلیل ہے۔

سیمرغ کا دیکھنا۔ مرد عابد زاہد کی دلیل ہے۔ سونا جا بجا پڑا دیکھنا۔ آفت و بلا کی دلیل ہے۔

سیاہ علم دیکھنا۔ سرداری کی دلیل ہے۔ سبز علم دیکھنا۔ سفر کرنے اور نیکی پانے کی دلیل ہے۔

سنان دیکھنا یا بھالا۔ درازی عمر کی دلیل ہے۔ سرکہ دیکھنا۔ مال میں خیر و برکت کی دلیل ہے۔

ردیف ش

شیر کو حملہ کرتے دیکھنا۔ کچھ تکلیف پہنچے یا فتنہ برپا ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے۔

شیرنی کا دودھ پینا۔ دشمن پر فتح یابی کی دلیل ہے یا روزی حاصل ہونے کی یا برکت گھر کی دلیل ہے۔

شراب کا دیکھنا۔ جان و مال کا نقصان ہو مالِ حرام اور خصومت کی دلیل ہے۔

شیطان کا دیکھنا۔ گناہوں کی علامت ہے۔ شکر دیکھنا۔ دینداری کی نشانی ہے۔

شیطان کو اپنا فرمانبردار دیکھنا۔ دولتِ حرام پانے کی دلیل ہے۔

شربت پینا۔ دل سے توبہ کرنے اور مرید ہونے یا کسی معشوق سے ملنے کی دلیل ہے۔

شہد دیکھنا یا کھانا۔ اگر مریض ہے تو شفا پائے ورنہ ایمانداری کی دلیل ہے۔

شعلۂ آتش دیکھنا۔ خواری یا گرفتاری کی دلیل ہے۔ شُترِ بے مہار دیکھنا۔ بدکاری کی دلیل ہے۔

شمع دیکھنا۔ کسی کا ہادی ہونا یا سردار ہونے کی دلیل ہے۔

شیطان کو بشکل زن دیکھنا۔ دن رات عورتوں کی صحبت میں رہنے اور کاروبار سے غفلت کرنے کی دلیل ہے۔

شمشیر خواہ تلوار چھری تیز دھار دیکھنا۔ صاحب خواب کے لئے خوب ہے۔

شانہ کرنا یعنی کنگھی کرتے دیکھنا۔ اگر سر داڑھی میں کنگھی کرتے دیکھا تو اسکے سب رنج و غم دور ہونیکی دلیل ہے۔

شیر پر آپ کو دیکھنا یا قابو پانا۔ غلبہ اور دبدبہ و رتبۂ عظیم کی دلیل ہے۔

شیر کا گھر میں داخل ہونا اور ضرر نہ پہنچانا۔ اس کی بھی درج بالا والی تعبیر ہے یعنی رتبۂ عظیم کا پہنچنا ہے۔

شیر کا گوشت کھانا۔ کسی حاکم زبردست سے مال حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

شیر سے لڑنا۔ کسی زبردست سے مقابلہ ہونے کی نشانی ہے۔

شیر جانور نا معلوم کا پینا۔ اپنے دین میں کامیاب ہونے کی دلیل ہے۔

شیر وحشیانِ بیابان کا مثل آہو وغیرہ جنکا گوشت حلال ہے۔ یہ سب خیر و اصلاح در رزقِ مباح اور برکت نشانی ہے۔

شیرِ سگ یعنی کُتیا کا دودھ پینا۔ خوف شدید دشمن سے اور ضرر کی دلیل ہے۔
شیرِ گاؤ، بھینس اور اونٹنی کا پینا۔ یہ سب خیر و برکت ہونے کی دلیل ہے۔
شیرِ مادہ خر پینا۔ مرض شدید ہے کہ زائل ہوگا اور بہتری کی دلیل ہے۔
شیر عورت کو اپنی پستان میں اترا ہوا دیکھنا۔ اس کے لئے مال میں خیر و برکت کی دلیل ہے۔
شادی دیکھنا۔ تعبیر ماتم داری ہے اور ماتم داری کا دیکھنا شادی سے تعبیر ہے۔
شیر کا مقابلہ سے بھاگ جانا۔ فتحمندی اور مقصد حاصل ہونے سے دلیل ہے اور چیتے کی بھی یہی تعبیر ہے۔
شہد مع چھتے کے دیکھنا۔ مال کا گنجینہ ہونے پر دلیل ہے یا علمِ قرآن و نکاح یا استغفار سے تعبیر ہے۔
شوربا کھانا۔ بیمار کو صحت سے دلیل ہے۔ شیشہ دیکھنا۔ صدقہ دینے کی دلیل ہے۔
شوہر کا لباس عورت کو پہننا۔ عورت کیلئے صالح اور نیک ہونے کی دلیل ہے، مرد کیلئے بد ہے۔
شبنم گرتے دیکھنا۔ رنج و غم اور تکلیف اٹھانے کی دلیل ہے
شراب پی کر مدہوش ہو جانا۔ مالدار ہونے یا کسی قوم کا سردار ہو کر ذلت اٹھانے کی دلیل ہے
شراب کی نہر باغ میں جاری دیکھنا۔ جنتی ہونے کی دلیل ہے
شریفہ دیکھنا خواہ کھانا۔ بہتری و ترقی کی دلیل ہے۔

ردیف۔ ص

صندل کو خواب میں پانا یا دیکھنا۔ نیک نامی و خوشی خرمی کی دلیل ہے۔
صدقہ دینا۔ جملہ بلا و مصیبت کی صفائی ہونے کی دلیل ہے
صابون کا دیکھنا۔ مریض کے لئے صحت کی دلیل ہے اور تندرستی و صفائی قلب ہونے کی دلیل ہے۔
صراحی کا دیکھنا۔ دولت دُنیا سے مسرور ہونے کی دلیل ہے۔
صراف کا دیکھنا۔ نیک رائے اور نیک صلاح ہونے اور مہالگی کامل ہونے کی دلیل ہے۔
صاحبِ مال کو خواب میں دیکھنا یا صحبت میں جانا۔ اُمید برآنے کی دلیل ہے۔
صحرا دیکھنا یعنی جنگل۔ دیوانہ ہونے یا سفر کرنے کی دلیل ہے۔

صیاد کو دیکھنا ۔ بُرے کام کرے اور دوسروں کو بھی برائی پر لگانے کی دلیل ہے ۔

صندوق دیکھنا ۔ غلام یا کنیز ہاتھ آئے گی اور عیش و آرام اٹھانے کی دلیل ہے ۔

صومعہ دیکھنا ۔ دوسروں کو نیک راہ پہ دکھلانے و بتلانے کی دلیل ہے ۔

صُوف پہننا یا اونی کپڑا ۔ مال دنیا ملنے اور عیش و عشرت سے بسر ہونے کی دلیل ہے ۔

صحرا میں کچھ کھانا پینا دیکھنا ۔ دین و دنیا میں دولت نعمت و کرامت کی دلیل ہے ۔

صحرا میں راستہ طے کرتے دیکھنا ۔ دین کی ترقی اور اسلام پر مستقل ہونے کی دلیل ہے ۔

صحرا میں رستہ بھول بھٹک جاتے دیکھنا ۔ دین اسلام میں اس کے دل میں شک آنے کی دلیل ہے ۔

ردیف ۔ ض

ضعیف کو خواب میں دیکھنا ۔ خوش نصیبی اور نیک کوشش کی دلیل ہے یا جیسی خوبی و زشتی کی صورت ضعیف کی ہوگی ویسی ہی تعبیر ہے ۔

ضعیفہ کو دیکھنا ۔ اگر فربہ اور تازہ رو دیکھے تو زوالِ دنیا کی دلیل ہے اور صاحب خواب کو دنیا حاصل ہونے کی دلیل ہے اور اگر اس کے برعکس دیکھے تو تنگی معاش اور پریشانی کی دلیل ہے اسی طرح اگر وہ ضعیفہ نامعلوم ہے یعنی پہچان کی نہیں ہے تو یہ حال سے تعبیر ہے یعنی حسب حال خوبی و فربہی کی ہوگی ۔

ضیافت کھانا خود ۔ جس کے ہاں کھائے اس سے فریب اٹھانے کی دلیل ہے ۔

ضیافت کھلانا ۔ سخی ہونے کی اور کامرانی کی دلیل ہے ۔

ردیف ۔ ط

طواف کعبہ کرنا ۔ صاحب خواب کیلئے صلاحیتِ دین حاصل ہونے اور استغفار کرنے کی دلیل ہے ۔

طہارت کرنا خواب میں ۔ باعث دافع رنج والم و موجب فرحت و صحت کی دلیل ہے ۔

طاؤس کا دیکھنا ۔ زن حسینہ و جمیلہ و نازنین معشوقہ سے دلیل ہے اور طاؤس کریہہ المنظر و بدشکل و شمائل ہے تو تعبیر برعکس اس کے ہو ۔

طوطا دیکھنا یا پانا۔ کنیزان و غلاماں سے دلیل ہے یا صاحبِ فلاح و صلاح سے تعبیر ہے۔

طوفان دیکھنا۔ اہل و عیال و بالِ جان ہو یا نقصانِ مال ہونے کی دلیل ہو۔

طفل کو دیکھنا۔ اگر طفل سے واقف ہو تو بشارت کی دلیل ہے اگر اس طفل سے آشنا نہیں ہے تو کوئی فکر نہیں یا غم لاحق ہونے کی دلیل ہے اور دیکھنا پیدا ہونا دختر کا بہتر ہے فرزند نرینہ ہے۔

طلاق اپنی عورت کو دینا۔ صاحبِ خواب جس مرتبہ پر ہے اس سے گر جانے کی دلیل ہے

ردیف ظ

ظلم کرنا کسی پر خواب میں۔ رنج و غم و بدنام ہونے کی دلیل۔

ظالم کو دیکھنا۔ بُرے کاموں کی باداش میں مبتلاء ہو غم کا سامنا ہو۔

ردیف ع

عالم کو خواب میں دیکھنا۔ اگر عالم خواہ زاہد خواب میں نظر آئے تو صاحب کے لئے نیک نامی اور نیک بختی کی دلیل ہے۔

علم کا پڑھنا خواب میں۔ رفعت و عزت حاصل ہونے اور مالدار ہونے کی دلیل ہے۔

عورت حسینہ جوان کا دیکھنا۔ مال و دولت خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے اور عورت پاکیزہ یعنی کنواری کو اگر خواب میں دیکھے تو پیشہ اور تجارت سے فائدہ اٹھانے کی دلیل ہے۔

عورتوں اور لشکر والوں کو دیکھنا۔ زیادتی جاہ و مال اور ترقی و درازی عمر کی دلیل ہے۔

عورت کو اپنے سر کے بال پریشان دیکھنا۔ اگر شوہر اس کا غائب ہے تو آنے کی اُمید ہے اور اگر اس عورت کا شوہر نہیں ہے تو اس کے عقد ہونے کی دلیل ہے۔

عورت اگر دیکھے کہ اسکے سر کے بال تراشے ہیں۔ تو اس تعبیر ہے کہ اسکا شوہر اس کو طلاق دیدیگا۔

عطر و عنبر اور جملہ کافور و صندل خوشبودار کا دیکھنا۔ علم شریف اور دین پاک اور مال پاکیزہ اور زبان پارسا اور نیک خصلتوں کی نشانی ہے۔

عورت کو پاکیزہ لباس پہنے دیکھنا۔ اگر کوئی عورت اپنے کو پاکیزہ لباس پہنے دیکھے تو کسی مرد سے نکاح ہونے کی دلیل ہے اور نکاح شدہ ہے تو اعمالِ نیک کی بشارت ہے۔

عورت باکرہ سے مباشرت کرنا ۔ دشمن پر فتح یاب ہونے اور مقصد دنیا و نعمتیں ملنے کی دلیل ہے
عورت کا عورت سے مباشرت کرنا ۔ جس سے مباشرت کی ہے اسکے راز مخفی سے خبردار ہونے یا کسی فاحشہ عورت سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے ۔
عضو تناسل کا کٹ جانا دیکھنا ۔ اگر کسی نے دیکھا ہے کہ اسکا عضو تناسل قطع ہو گیا ہے تو تعبیر یہ ہے کہ یا تو صاحب خواب کا لڑکا مر جائے گا یا خود مرنے کی دلیل ہے ۔
عضو تناسل کا دو یا زائد دیکھنا ۔ چنانچہ جتنے خواب میں دیکھے گا اتنی ہی اولادیں ہونے کی دلیل ہے ۔
عضو کوئی سا ہو سر سے پیر تک اپنا آہنی دیکھنا ۔ درازی عمر کی دلیل ہے ۔
عسل یعنی شہد کا دیکھنا ۔ اگر چھتے میں شہد کو دیکھا ہے تو مال مجموعی کی دلیل ہے اور اگر اس میں سے کچھ نوش کیا ہے تو علم قرآن و نکاح پر اور شفاء مرض ہر ایک کی دلیل ہے ۔
عورت کا اپنے جسم میں آلۂ تناسل کا پیدا ہونا دیکھنا ۔ اگر حاملہ ہے تو لڑکا پیدا ہو گا اور وہ لڑکا سرداری پائے گا اور جو حاملہ نہیں ہے تو اولاد کبھی پیدا نہیں ہو گی ۔
عورت حیض سے نہ ہو اور دیکھے کہ حیض سے ہوں ۔ تو اس سے کوئی گناہ سرزد ہونے کی نشانی ہے ۔
عورت کا اپنے کپڑوں پر پیشاب دیکھنا ۔ شہوت زیادہ ہونے کی دلیل ہے ۔
عورت کو خون کا پیشاب کرتے دیکھنا ۔ فرزند کا شکم میں مر جانے کی دلیل ہے
عورت کو اپنی طلاق دیتے دیکھنا ۔ دولت ملنے کی دلیل ہے
عورت سے خواستگاری کرنا خواب میں ۔ جس کی خواستگاری کی ہے اسکے حسن و جمال کے موافق دولت ملنے کی دلیل ہے بلکہ فراغت کلی کی دلیل ہے ۔
عورت کو چاند آغوش میں لیتے دیکھنا ۔ شوہر اس کا عزت پائے گا اور اگر شوہر نہیں تو خود اسکو بزرگی ہونے کی دلیل ہے ۔
عقیق کا دیکھنا ۔
عیدین یعنی فطر اور ضحیٰ کا دیکھنا ۔ جس شخص نے دونوں میں جس عید کو دیکھا تو اسکے لئے تمام رنج و غم سے نکلنے کی دلیل ہے ۔
عروس یعنی شادی دیکھنا ۔ رنج و غم کی دلیل ہے اور ماتم دیکھنا کھیل کود کی دلیل ہے ۔

عورت کو اپنی طرف مائل دیکھنا۔ افلاس اور فکر و تردد کی دلیل۔

عمارت دیکھنا۔ خوشی و خرمی دیکھنا۔

عرق بدن سے ٹپکتا دیکھنا۔ بیماری سے صحت کی علامت ہے یا کوئی بدکام کرنے پہ ندامت ہے۔

عمامہ باندھنا۔ عوام سے فائدہ اٹھائے یا امام ہو کر امامت کرانے کی دلیل ہے۔

ردیف ۔ غ

غلہ دیکھنا۔ سفر رنج و غم اور دوستوں سے ملال کی دلیل ہے۔

غوطہ لگانا۔ فکر و اندیشہ سے نجات ہونے اور عیش و عشرت اٹھانے کی دلیل ہے۔

غسل کرنا۔ بیماری سے صحت پانا یا سفر سے گھر واپس آنے کی دلیل ہے۔

غسلخانہ دیکھنا خواب میں۔ موت آنے کی دلیل ہے۔

غربال دیکھنا۔ فکر و اہل و عیال میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے۔

غول جانوروں کا۔ حکومت و سرداری کی دلیل ہے۔

غالب آپ کو دشمن پر دیکھنا۔ نفس امارہ پر غالب ہو دولت دنیوی کی دلیل ہے۔

غبار زمین و آسمان کے درمیان دیکھنا۔ فتنہ فساد برپا ہونے کی دلیل ہے۔

ردیف ۔ ف

فرشتگان مقرب کو دیکھنا۔ مرتبہ بلند ہونے اور خلق سے مستفید ہونے کی دلیل ہے۔

فرشتوں کے جوق در جوق آتے دیکھنا۔ مال سے نقصان ہونے کی اور حیرانی و پریشانی کی دلیل ہے

فرشتگانِ مقرب یعنی حضرت جبرائیل میکائیل اسرافیل، عزرائیل وغیرہ کو خوش دیکھنا } دین و دنیا میں عزت اور مرتبہ پانے کی دلیل ہے اور درازیٔ علم و حکمت کے کشادہ ہونے اور آفتوں سے محفوظ رہنے اور بیماری سے شفاء پانے کی دلیل ہے اور اگر کوئی خوف و غم میں مبتلا ہے تو رہائی کی دلیل ہے۔

فرشتوں کیساتھ دشمنی کرتے دیکھنا۔ موت کی علامت ہے توبہ کرنا چاہیئے۔

فرشتوں کے ساتھ پرواز کرنا۔ دین و دنیا میں عزت حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

فرشتوں کو کسی بہت سے جمع ہونا - وہاں پر کسی عابد یا عالم کی وفات کی دلیل ہے یا کسی شخص کو جور و ظلم سے نجات پا جانے کی دلیل ہے

فرزح کا دیکھنا - غم و الم کی دلیل ہے، یا زنِ جمیلہ ہاتھ لگے -

فرزح کو ذکر کی جگہ دیکھنا - ہر کام کرنے سے پشیمانی اور ذلت و خواری اٹھانے کی دلیل ہے -

فاختہ دیکھنا - عورت بے دین سے صحبت اٹھائے اور رنج و غم کی دلیل ہے -

فیل سفید دیکھنا - حاکمِ وقت سے مال ملنے یا فرزند تولد ہونے کی دلیل ہے -

فرشتوں کے ساتھ آپ کو اڑتے دیکھنا - دنیا کی حیرانی و پریشانی سے نجات ملنے اور درجۂ شہادت پانے کی دلیل ہے -

فانوس دیکھنا - علم آخرت حاصل ہونے کی اور بد افعالی سے بچنے کی دلیل ہے -

فیروزہ پانا یا دیکھنا - فرزند پیدا ہونے یا دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہو -

فاختہ دیکھنا - امیری سے فقیری کی نشانی اور پریشانی کی دلیل ہے -

فوارہ دیکھنا - غیب سے روزی پانے اور امیر کہلانے کی دلیل ہے -

فصد کھلوانا - مرض سے شفا پانا اور تندرست ہونے کی دلیل ہے

فرزح اور ذکر کا ہمراہ دیکھنا - رنج و غم سے رہائی پانے کی دلیل ہے -

فیل کو حملہ کرتے دیکھنا - کسی آفت میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے - [۱]

فیل عماری دار پر سوار دیکھنا - مرتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے -

فیل کا گوشت کھانا خواب میں - مال و غلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے -

ردیفِ ق

قرآن شریف لکھنا خواب میں - روزی حلال پانے اور پرہیزگاری کی دلیل ہے

قرآن شریف کی تلاوت کرنا - نیک کام کرنے کی دلیل ہے -

---

[۱] - ہاتھی یا سانپ یا اور کسی موذی جانور وغیرہ کو خواب میں حملہ کرتے دیکھنا یا اور دیگر قسم کی ڈراؤنی خوابیں خصوصاً عورتوں کو اکثر رحم کی خرابی، پیٹ کی گرانی، حبس ریاح کے سبب نظر آتی ہیں، ان کا کوئی اثر نہ لینا چاہیے بلکہ معدے کی اصلاح اور کانوں میں تیل سوتے وقت ڈالیں -

قرآن شریف کا ورق کھانا ۔ دنیا میں بدنامی یا موت آنے کی دلیل ہے ۔

قرآن شریف کا دیکھنا ۔ علم سیکھنے اور سکھانے اور خیر و برکت کی نشانی ہے یا تولّد فرزند کی دلیل ہے ۔

قلم کا دیکھنا ۔ عدل و انصاف کی دلیل ہے یا فنِ خوشنویسی کی نشانی ہے ۔

قبر کھودنا ۔ جدید مکان بنانے کی بشارت ہے ۔ قصائی دیکھنا ۔ ملک الموت آنے کی دلیل ہے

قبر کو بند کرنا ۔ فتنہ و فساد سے مٹنے کی دلیل ہے ۔ قبر میں جانا ۔ کسی بلا میں مبتلا ہونے یا رنج اٹھانے کی دلیل ہے ۔

قبر کا بنانا ۔ تجارت میں نقصان اٹھانے یا کسی معاملہ میں پھنسنے کی دلیل ہے ۔

قبر سے کفن نکالنا ۔ میّت کے دین کی پیروی کرنے یا شریعت میں کوئی نیا امر جاری کرنے کی دلیل ہے ۔

قسم کھانا خواب میں : روزی کم ہونے اور مصیبت اٹھانے کی دلیل ہے ۔

قسم کھلوانا : ۔ خیانت کی دلیل ہے ۔ قبا پہننا ۔ دولت زیادہ ہونے کی دلیل ہے ۔

قربانی کرتے آپ کو دیکھنا ۔ ترقیٔ زندگی کی علامت ہے ۔

قبر کا دیکھنا ۔ عمر قلیل کی نشانی ہے ۔ اگر مریض ہے تو طول عمر کی نشانی ہے ۔

قوس و قزح دیکھنا : ۔ غلّہ کی ارزانی کی دلیل ہے ۔

قلعہ دیکھنا ۔ دشمن سے نجات پانے کی دلیل ہے ۔

قفل دیکھنا یا کھولنا ۔ اُمید بر آنے کی دلیل ہے ۔

قلمدان دیکھنا ۔ امیری کی دلیل ہے ۔

قینچی دیکھنا ۔ دوست سے ملاقات ہو

قینچی سے کاٹنا ۔ قصہ ختم ہونے یا موت آنے کی دلیل ہے ۔

قید آپ کو دیکھنا ۔ صلاح و خیر پر دلیل ہے ۔

قاضی نامعلوم کا دیکھنا ۔ اس کی تعبیر رویت خدائے عزّ وجل ہے ۔

قبرستان جانا ، قبرستان دیکھنا ۔ ایسے کام کرنے سے دلیل ہے جو قابل عبرت ہو ۔

قتل ہونا یا اپنا سر جُدا دیکھنا ۔ اپنی ثنا و صفت کسی سے سُننے کی دلیل ہے یا مرض سے شفا حاصل ہونے یا قرض ادا ہونے کی دلیل ہے یا حج کعبہ کرنے کی یا کشائش و کی بشارت ہے ۔

قتل دوسرے شخص کو کرنا خواب میں ۔ مقتول پر ظلم کرنے کی دلیل ہے یا قاتل سے مقتول کو کسی امر میں فائدہ پہنچے گا۔

قبلہ رُو ہونا یا قبلہ رو ہو کر نماز پڑھنا ۔ راہِ حق کی طرف ہدایت کی دلیل ہے ۔

قبلہ سے پھرنا ۔ راہِ ضلالت کی نشانی ہے ۔ قوم کی امامت کرنا ۔ عدالت و دادرسی کرنے کی دلیل ہے ۔

ردیفِ ک

کعبہ دیکھنا یا کعبہ کا طواف کرنا ۔ صلاحیت دین حاصل ہونے و نصرت و رفعت ہونے یا خدمتِ والدین و سعادت کی دلیل ہے ۔

کُرتہ پہننا ۔ علم و فضل حاصل کرنے اور جہل سے اجتناب کرنے کی دلیل ہے

کمل اوڑھنا ۔ فسق و فجور کی دلالت ہے ۔ کوئلہ دیکھنا ۔ بدنامی و پریشانی بلکہ زیادتی عصیاں کی نشانی ہے ۔

کوہ قاف کی سیر کرنا ۔ حکومت یا بادشاہت کی دلیل ہے ۔

کوّا دیکھنا ۔ بولتا دیکھے تو مسافر آئے اور خاموش دیکھے تو رنج اٹھانے کی دلیل ہے ۔

کلاہ دیکھنا ۔ عہدہ ، سرداری کی علامت ہے ۔ کوڑیاں دیکھنا ۔ مصیبت اٹھانے اور تکلیف کی دلیل ہے ۔

کمر رکھ دیکھنا ۔ آپس میں ترش روئی یا جورو سے لڑائی کی دلیل ہے ۔

کمر باندھنا ۔ سفر کی نشانی ہے ۔ لیکن دولت بے شمار پانی ہے ۔

کیچڑ میں گرنا یا پھنسنا ۔ خرابی آنے کی نشانی ہے یا قرضداری کی دلیل ہے ۔

کسم دیکھنا ۔ دختر نیک اختر تولد ہو یا ہم چشموں میں عزت پائے ۔

کمان بنانا ۔ اگر عورت حاملہ ہے فرزند تولد ہونے یا عورت ملنے کی دلیل ہے ۔

کنیز یا غلام کو فروخت کرنا ۔ رنج و غم سے آزاد ہونے کی دلیل ہے ۔

کتاب یا خطوط کھلے ہوئے پانا یا دیکھنا ۔ نہایت خیر اور برکت کی نشانی ہے ۔

کتاب علم فقہ وغیرہ کا دیکھنا یا صالحہ علم کی کتب کا دیکھنا ۔ موجب تحصیل و حکمت پر دلیل ہے ۔

کلیات دیوان وغیرہ کا دیکھنا ۔ صاحب خواب کے لئے بہتر نہ ہونے کی دلیل ہے ۔

کتاب الٰہی یعنی کلام پاک کا دیکھنا - دین اور علم اور مال حاصل کرنے اور لوگوں کو نفع پہنچانے کی دلیل ہے اور اگر کلام کو پھاڑ ڈالا ہے تو احکامِ خداوندی کی دلیل ہے اور اگر اوراق کو کھایا ہے یا چبا لیا ہے تو خدا کے کلام سے ہنسی کرنے کی دلیل ہے۔

کژدم بمعنی بچھو کا ڈنگ مارنا - کوئی دشمن ہے جو غیبت اور برائی سے ضرر پہنچانے کی تدبیر کرتا ہے۔

کشتی سے خشکی پر اُترنا - دشمن پر فتح پانے اور مالِ کثیر پانے کی علامت ہے۔

کھیت کا دیکھنا - فراخیٔ دولت و نعمت کی دلیل ہے۔

کھیت میں چلنا - زراعت کے ذریعہ روپیہ ملنے کی دلیل ہے

کھیت میں جنگل ہو جانا - افلاس و قحط و تکلیف کی دلیل ہے۔

کھیت کا خشک ہو جانا - کمیٔ غلّہ و خشک سالی کی دلیل ہے۔

کھیت کاٹنا - اپنی عورت کو طلاق دینے یا کسی قتل کرنے کی دلیل ہے۔

کچّا گوشت کھانا - غیبت کرنے کی صریح دلیل ہے۔

کتیا کا دودھ پینا - دشمن سے ضرر پہنچنے اور مصیبت اٹھانے کی دلیل ہے

کھانا کھاتے دیکھنا - نعمت میں افزونی کی دلیل ہے۔

کھانا دوا کا - پشیمانی کی اٹھانے کی دلیل ہے۔

کملی کا دیکھنا - دین و دولت دنیا ملے، صاحب باطن ہونے کی دلیل ہے

کبوتر کا دیکھنا - اچھی خبر آنے کی یا خوبصورت عورت سے نکاح کرنے کی دلیل ہے۔

کنگن پہننا - تنگی و دشواری کی دلیل ہے۔

کنگھی بالوں میں کرنا - رنج و الم کی دلیل ہے **کنگنی دیکھنا** - خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

کمان مع تیر پانا - اپنی بیوی سے ملاقات کرنے یا دشمن پر غلبہ پانے کی دلیل ہے۔

کوزہ دیکھنا - نیک عورت ملنے اور عیش سے گذرنے کی دلیل ہے۔

کرم کلّہ دیکھنا - نعمت روزی زیادہ ہونے کی دلیل ہے۔

کافور دیکھنا۔ دولت ملنے کی دلیل ہے یا مرض سخت اٹھانے کی دلیل ہے۔
کھچڑی کھانا۔ بیماری کی علامت ہے۔ کشتی دیکھنا۔ رنج وغم دُور ہو حاصل سرور ہو۔
کشتی ڈوبتے دیکھنا۔ مصیبت آنے کی دلیل ہے۔ کشتی خشکی پر دیکھنا۔ رنج وغم کی نشانی ہے۔
کباب کھانا۔ تکلیف و رنج دفع ہو۔ کشتی پار ہوتے دیکھنا۔ دلی مراد ملنے کی دلیل ہے۔
کپڑا دھوتے دیکھنا۔ گناہوں سے پاک ہونے کی دلیل ہے
کائی کا پھٹتے دیکھنا۔ دشمن زیر ہونے اور عروج پانے کی دلیل ہے
کرن آفتاب دیکھنا۔ راحت و آرام کی نشانی کفن پہننا۔ اوّل مصیبت آتی ہے بعدہٗ شادمانی ہے۔
کنوئیں میں گرنا۔ رنج وغم و صدمہ اٹھانے کی دلیل۔ کنوئیں سے نکلنا۔ کشائش و فیروزی کی دلیل ہے۔
کتّے کو بھونکتے دیکھنا۔ کتے کو حملہ کناں یا بھونکتے دیکھنا، غیب سے زیاں پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
کتّے کا گوشت کھانا۔ اگرچہ مکروہ ہے لیکن دشمن سے نفع ہو آپ خوش دشمن رنجور ہو۔
کنواں کھودنا۔ تجارت میں نفع ہونے اور مال کی افزونی کی دلیل ہے۔
کنوئیں سے پانی کھینچنا۔ غریب غرباء کو فائدہ ہو اور راہِ خدا میں دینے دلانے کی دلیل ہے۔
کنوئیں سے پانی کھینچ کر درخت کو سینچنا۔ غریبوں اور یتیموں کی مدد و پرورش کرنے کی دلیل ہے۔
کنوئیں سے پانی پلانا۔ حاجیوں کی مدد کرنے سے دلیل ہے۔
کنوئیں سے پانی نکل جانا۔ مال کے تلف ہونے اور رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔
کنوئیں سے پانی کا جوش کرنا۔ حق تعالیٰ کی طرف سے مال پاکیزہ ملنے کی اور مال میں قوت و برکت ہونے کی دلیل ہے۔
کشتی میں سوار ہوتے دیکھنا۔ حاکم وقت یا بادشاہ کے عتاب میں گرفتار ہونے کی ہے۔
کشتی سمیت ڈوبنا۔ بادشاہ یا حاکم وقت کے محاسبہ میں گرفتار ہونے کی دلیل ہے۔
کژدم کو اپنے ہاتھ میں دیکھنا اور کسی کو کٹوانا۔ صاحبِ خواب کے کسی کی غیبت کرنے سے دلیل ہے یعنی صاحبِ خواب خود غیبت دوسروں کی کرے گا۔
کژدم کا گوشت کھانا۔ دشمن سے مال پانے کی دلیل ہے۔

کترؔم کو اپنے کپڑے یا بستر اور چیزوں میں گھسا ہوا دیکھنا کے حالات دشمنوں پر جا کر ظاہر کرتا ہے اسکی کوئی دشمن ہے جو پاس رہ کر صاحب خواب غیبت میں۔

کتے کا کاٹنا یا بھونکتے دیکھنا۔ دشمنوں کے درپے آزار ہونے کی دلیل ہے۔

کُشتی میں کسی کچھاڑنا۔ صاحب خواب سے وہ حال میں بہتر ہوگا جس کو بچھاڑا ہے۔

کتے کا ملے ہوئے دیکھنا۔ کسی کو اپنی مدد کے لئے تیار رہنے کی دلیل ہے۔

کمر بند کمر میں بندھے ہوئے دیکھنا۔ صاحب خواب کے لئے بہتر و خوشتر ہونے کی دلیل ہے۔

کمر بند کا ٹوٹ جانا یا چھن جانا یا کوئی اور نقص ہو جانا۔ صاحب خواب کے لئے بدی کی دلیل ہے۔

کیلا دیکھنا۔ نعمتیں حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

کھیرہ ککڑی شلجم وغیرہ دیکھنا۔ صدمہ اُٹھانے مال کے جاتے رہنے کیوجہ سے یا اور کوئی رنج و غم کی دلیل ہے۔

کاتب کا دیکھنا۔ کسی کا اہلکار ہونے یا منشی ہونے کی دلیل ہے۔

کان میں چیونٹیاں گھستے دیکھنا۔ موت آنے کی دلیل ہے۔

کبجشک یعنی گھر والی چڑیا کا دیکھنا۔ بزرگی اور مال اور عیش و عشرت کی دلیل ہے۔

کسی کا خواب ذبح کرنا یعنی انسان کو۔ اسکی تعبیر کسی پر ظلم کرنے سے ہے یعنی جس کو ذبح کر رہا ہے اس پر ظلم کی دلیل ہے۔

کوّا لٹکا ہوا دیکھنا اگردن کا۔ رزق کی کمی یا موت کی دلیل ہے۔

کان کو دیکھنا جدا۔ لڑکی کے مرنے کی دلیل ہے یا عورت کو طلاق کی دلیل ہے۔

کان کی صفائی کرنا۔ خوشخبری سُننے کی دلیل ہے۔

ردیف۔ گ

گلاب کا پھول دیکھنا۔ دنیا میں ذی مرتبہ اور نیک نام ہونے کی دلیل ہے۔

گھوڑے کا دیکھنا۔ راحت اور خوشی و دولت یا نیک حسین عورت ملنے کی دلیل ہے۔

گھوڑے کو اپنے قابو میں دیکھنا اور سوار ہونا۔ شرف و عزت و غلبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

گھوڑے کا شوخی یا شور کرتے دیکھنا۔ کسی معصیت کے مرتکب ہونے کی دلیل ہے۔

گھوڑی کا مالک و قابض ہونا یا سوار ہونا۔ کسی زن شریفہ کے ملنے پر دلیل ہے اگر شادی شدہ ہے تو لد دختر کی دلیل ہے۔

گھوڑے کا گوشت کھانا - روزی حلال اور مرد نیک نام اور فراخی کی دلیل ہے -
گھوڑے کو اپنے مکان یا محلہ سے نکلتے دیکھنا - صاحب خواب کو مکان یا محلے سے نکلنے، خواہ موت آنے کی دلیل ہے -
گھوڑے نامعلوم کا دیکھنا - عزت اور شرافت کی دلیل ہے، واضح ہو کر تعبیرات گھوڑوں کی بہت ہیں۔ لہٰذا اگر گھوڑا نیک ہے اور سیدھا اپنے قابو میں ہے تو صاحب خواب کے لئے بہتری ہے اور اچھائی ہے اور اگر اس کے برعکس ہے تو برائی اور بدی ہونے کی دلیل ہے -
گھر کو کشادہ دیکھنا - دنیا کی کشادگی ہونے کی دلیل ہے اور اسکے برعکس کی دلیل برعکس ہے -
گدھا دیکھنا - احمقی اور مفروری ہے -
گدھے کا گوشت کھانا - بیوقوف کا مال کھانے اور لعدہٗ بیوقوف بننے کی دلیل ہے -
گدھی کا دودھ پینا - بیماری سے صحت پانے اور تجارت سے نفع ہونے کی دلیل ہے -
گوہ دیکھنا - مال مفت ملنے کی دلیل ہے -
گھی کا کپا دیکھنا - تجارت میں فائدہ ہونے اور طرآری زبان کی دلیل ہے -
گاجر کھانا - جسمانی قوت کی دلیل ہے
گوز مارنا - ہم چشموں میں ذلت کی دلیل ہے
گورستان دیکھنا - قلیل آمدنی کی دلیل ہے یا عبرت و پریشانی کی دلیل ہے
گھر زمین پر دیکھنا - تولد ہونے فرزند یا دختر ہونے یا اور کوئی نیک کام کرنے کی دلیل ہے -
گوبر دیکھنا - حاکم یا سردار سے نفع قلیل حاصل ہونے کی دلیل ہے -
گھر سونے کا دیکھنا - گھر میں آگ لگنے کی دلیل ہے -
گھر غیر میں داخل ہونا - جس گھر داخل ہوا اسکی خیانت کرنے اور ذلت اٹھانے کی دلیل ہے -
گدھے پر سوار ہونا - اگر منہ طرف کعبے کے ہے تو حج کرے یا نیک مشہور ہونے کی دلیل ہے اور اگر اس کے برعکس ہے یعنی دوسری طرف ہے تو پاجی مشہور ہونے کی دلیل ہے -

گدھے پر سے اترنا - بے رونقی دور ہونے اور دولت مند ہونے کی دلیل ہے۔

گھر لوہے کا دیکھنا - قربت سلطانی یا ترقی عمر کی دلیل ہے۔

گھر کا گر جانا دیکھنا - موت آنے یا اعمالِ بد سے دنیا و تباہ ہونے کی دلیل ہے۔

گھر کھودنا - گناہوں سے پاک ہونا یا موت آنے کی دلیل ہے۔

گھر میں آتشکدہ دیکھنا - مال ملنے کی نشانی ہے یا بیماری سے صحت کی دلیل ہے

گھر کو بیچ ڈالنا - موت آنے کی نشانی ہے۔

گھر میں غیر معلوم کے بند ہونا - قبر کی دلیل ہے یا کسی عورت سے کام پڑے گا۔

گلدستہ باندھنا - جنگ و خصومت کی علامت ہے

گوشت خام دیکھنا - مال حرام ملے رنج و الم اٹھانے کی دلیل ہے۔

گیہوں کا دیکھنا - صاحب خواب کیلئے خوب نہیں ہے - گیہوں کا کھانا - عزت و حرمت میں فرق آنے کی دلیل ہے

گھر کسی کا نامعلوم گرانا - بداعمالی سے نجات کی دلیل ہے۔

گائے کا دودھ پینا - دنیا میں فراخی نعمت ہونے کا کام انجام بخیر ہونے کی دلیل ہے۔

گھر اپنا یا کسی غیر کا بنانا - بقدر گھر بنانے کی بحیثیت کسی کے مال و دنیا سے مستفید ہوگا۔

گلاس یا کٹورا دیکھنا - اگر کسی چیز سے بھرا ہے تو موت کی نشانی ہے۔

گوشت خام کھانا یا دیکھنا - مالِ حرام کی دلیل ہے۔

گوشت بھنا ہوا یا پختہ - مال حاکم یا بادشاہ سے ملنے کی دلیل ہے۔

گھوڑے پر اپنے ساتھ کسی کو سوار دیکھنا - جو ساتھ سوار ہے اسکی سعی و کوشش سے حاکم یا حکومت ملنے کی دلیل ہے۔

گوشت شیر کا کسی بھی اعضاٗ سے کچھ کھاتا ہے - کسی بڑے شخص کی میراث کا مالک ہونے کی دلیل ہے۔

گوسفند کا دیکھنا - دولت اقبال مندی کی دلیل ہے۔

گالی دینا کسی کو - صاحبِ خواب سے گالی کھانے والا بہتر ہے۔

گردن کٹی اپنی دیکھنا یعنی سر تن سے جدا ہو - اگر غلام ہے تو آزاد ہو جائے گا - مریض ہے تو

شفا پائے گا۔ اگر قرضدار ہے تو قرض ادا ہو جائے گا۔ اگر کبھی یہ تعبیر بھی ہوتی ہے کہ صاحب خواب حج کعبہ شریف کرے گا اور اگر سنحتی میں ہے تو کشائش ہوگی۔ اگر خائف ہے تو امن سے ہونے کی دلیل ہے

ردیف۔ ل

لعل و جواہر کا دیکھنا۔ غنی و معنی ہونے کی دلیل ہے یا فرزند تولد ہونے یا زن حسینہ ملنے سے تعبیر ہے۔

لہسن خواہ پیاز ملنا یا خریدنا خواب:۔ کسی امیر کی ملازمت کرنے لیکن ذلت ملازمت سے دلیل ہے۔

لومڑی دیکھنا۔ عورت فسادی ملنے کی دلیل ہے۔ رات دن جنگ کرنے کی دلیل ہے۔

لیزم ہلانا۔ عورت سے نفرت ہونے کی دلیل ہے۔

لوہا دیکھنا۔ دشمن سے مقابلہ اور مجادلہ ہونے کی دلیل ہے۔

لباس سیاہ خواب میں پہننا۔ کثرت معصیت میں گرفتار ہونے یا غم فرزند اٹھانے کی دلیل ہے یا مال ضائع ہونے سے تعبیر بھی ہے۔

لباس سفید پہننا۔ گناہوں سے پاک ہونے اور صلاح و فلاح کی دلیل ہے

لباس سرخ پہننا۔ زندگی میں نیک نام ہونے کی یا شہادت کی دلیل ہے۔

لباس دھانی پہننا۔ کار خیر کرنے کی مقدس ہستی ہونے کی دلیل ہے۔

لباس نیلا پہننا۔ حاجی ہونے کی بشارت ہے۔ **لباس گیروا پہننا**۔ تہمت دنیا میں پھنسنے کی دلیل ہے۔

لباس پاکیزہ پہنے۔ مرتبہ بلند ہونے کی یا نیک عورت ملنے کی اور اگر عورت دیکھے نیک مرد ملنے کی دلیل ہے۔

لڑکے کا آئینہ دیکھنا۔ بھائی کے پیدا ہونے کی اور اگر لڑکی دیکھے تو لڑکی پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

لوہے کی انگوٹھی دیکھنا۔ رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے۔

لاٹھی کا دیکھنا۔ بلند مرتبہ عالی رتبہ ہونے کی دلیل ہے۔

لکڑی خشک دیکھنا۔ اگر تصویر بنی ہے تو نفاق پیدا ہونے کی دلیل ہے۔

لڑکے خوبرو کو دیکھنا جو صورت آشنا ہو۔ کسی بشارت نیک کی دلیل ہے۔

لڑکے نامعلوم کا دیکھنا۔ فکر و غم لاحق ہونے کی دلیل ہے۔

لڑکے معلوم کو آغوش میں لینا ۔ کسی جگہ کا حاکم ہونے کی دلیل ہے
لونڈی کا خرید کرنا ۔ تمام مقصد بر آنے کی اُمید ہے ۔
لوہار کو دیکھنا ۔ کسی غیر اجنبی زور آور سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے ۔
لعاب منہ سے جاری دیکھنا ۔ کسی غیر اجنبی زور آور سے ملاقات ہونے کی دلیل ہے ۔
لباس کہنہ دیکھنا ۔ صاحب خواب کی موت شتاب آنے پر دلیل ہے ۔
لباس پیوند کا پہننا ۔ فقر و تنگی کی دلیل ہے ۔
لہو و لعب یعنی کھیل کود کا اپنے تئیں خواب میں دیکھنا ۔ غم و الم کی دلیل ہے ۔
لکھنا قرآن شریف کا خواب ۔ دین اور علم اور مال حاصل ہونے کی دلیل ہے ۔

ردیف م

مسجد دیکھنا ۔ خیر و برکت کی دلیل ہے اور کامل الایمانی کی نشانی ہے ۔
منبر پر چڑھنا ۔ اپنا مرتبہ بلند ہونے یا کسی رشتہ دار کا رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے ۔
مرد نیک کا دیکھنا ۔ نیک نامی کی دلیل ہے ۔
مُردے کو زندہ دیکھنا ۔ غم و اندوہ سے نجات ملنے کی دلیل ہے
مروارید کا دیکھنا ۔ دختر خواہ پسر ہونے کی دلیل ہے ۔
مویز منقی (کشمش) کا دیکھنا ۔ اپنوں کی عزت و توقیر ہونے کی دلیل ہے ۔
مسواک کا دیکھنا ۔ نیکی اور راستی کی دلیل ہے ۔
مسہری کا دیکھنا ۔ گناہ سے توبہ کرے اپنے لیے پریشان ہو موت آنے کی دلیل ہے
موزہ اتارنا ۔ عورت کو طلاق ہونے یا لڑکے سے دوری حاصل کرنے کی دلیل ہے ۔
میخ دیوار میں گاڑنا ۔ مالک یا حاکم کے دل میں جگہ ہونے اور کام بہتر ملنے کی دلیل ہے ۔
مرغ کو آذان دیکھنا ۔ ذی کمالوں کی معدومی دخواری ہونے اور بے کمالوں کی گرم بازاری کی دلیل ہے
موتی کی لڑی دیکھنا ۔ حافظ قرآن ہونے کی دلیل ہے ۔

مکتب خانہ دیکھنا ۔ حاکم کی خدمت حاصل ہونے کی دلیل ہے ۔

مینہ بکثرت دیکھنا برستے ۔ خدا کی رحمت نازل ہونے کی دلیل ہے ۔

مرغابی دیکھنا ۔ فائدہ پہنچنے کی اور خود سندی کی دلیل ہے ۔

مسجد میں دیکھنا ۔ دین و دنیا میں امن پانے اور خیر و برکت دلیل ہے ۔

مسجد میں نماز پڑھنا ۔ خانہ کعبہ کے حج ادا کرنے کی دلیل ہے ۔

مسجد میں بغیر قبلہ کے یعنی دوسری طرف نماز پڑھنا ۔ گناہوں سے توبہ کرے کیونکہ اس کے دین میں نقصان ہونے کی دلیل ہے

مونگ، ماش، مسور کا دیکھنا ۔ حرام ملتے ملنے اور رنج و غم سے بسر ہونے کی دلیل ہے ۔

میدہ کا دیکھنا ۔ تجارت میں نفع ہو عزت بڑھنے کی دلیل ہے

مٹھائی دیکھنا یا کھانا ۔ عزت بڑھنے پر دلیل ہے ۔

ملائی کھانا ۔ رنج اٹھانے اور ہلاکت کی نشانی ہے ۔

مشک لگانا یا دیکھنا ۔ اگر فقیر دیکھے تو غنی ہووے اور امیر دیکھے بلند رتبہ ہونے کی دلیل ہے ۔

موزہ پائتابہ دیکھنا ۔ رزق میں فراخی ہونے یا حسین عورت ملنے کی دلیل ہے ۔ اور اگر عیب ہو یعنی نوچے پھٹے ہوں تو پریشانی کی نشانی ہے ۔

مرد کو اپنی بیوی کا لباس پہننا ۔ عورت کی طرف سے کچھ گزند پہنچنے کی دلیل ہے ۔

موتی دیکھنا ۔ قرآن اور دیگر علم خواہ فرزند پر دلیل ہے ۔

موتیوں کا گچھا دیکھنا ۔ قرآن پاک حفظ کرے یا پرہیزگار ہونے یا کثرت اولاد کی دلیل ہے ۔

منہ سے کوئی چیز نکلتے دیکھنا ۔ اگر وہ چیز نیک ہے تو نیک باتیں اس سے صادر ہوں گی اور جو بد یا بُری ہے تو بُری باتیں اس سے وقوع میں آنے کی دلیل ہے ۔

موتیوں کو کان میں دیکھنا ۔ امور خیر کی یا علم تفسیر کے سیکھنے کی دلیل ہے ۔

موتیوں کا منہ سے جھڑتے دیکھنا ۔ بہت تسبیح کرنے والا ہونے یا علم دین سکھلانے کی دلیل ہے

مردِ معلوم کا دیکھنا۔ بہتری کی علامت ہے۔ مرد نا معلوم کا دیکھنا۔ بہتری کی علامت ہے یا کسی دوست سے ملاقات کی دلیل ہے۔

مردے سے مباشرت کرنا۔ اگر غنی ہے تو فقیر ہونے کی اور اگر فقیر ہے تو غنی ہونے کی دلیل ہے۔

مُردے کو دیکھنا۔ قیدی ہے تو رہائی پائے اگر مسافر ہے وطن نصیب ہونے اور اگر مقیم ہے تو سفر کرنے کی دلیل ہے۔

مُردے کو سلام کرنا۔ امیدیں پوری ہونے اور مراد حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

مُردے کو زندہ دیکھنا۔ مال تلف شدہ ہاتھ آئے خوشی حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

مُردوں کی جماعت دیکھنا۔ وبا آنے والی ہے یا گمراہی و غریبی کی نشانی ہے۔

مُردے کو پکارنا۔ موت آنے کی نشانی ہے توبہ کرنا چاہیئے۔

مُردے کو نہاتے دیکھنا۔ کسی بے دین کو دین پر لانے اور گمراہی سے بچانے کی دلیل ہے

مُردے کو ننگا دیکھنا۔ گناہوں کے دور ہونے کی دلیل ہے۔

مُردے کے پیچھے کسی مکان میں جانا۔ اگر اس امکان میں ٹھہر جائے موت کی دلیل ہے۔
اور اگر نکل جائے تو بھی رنج اٹھانے کی دلیل ہے۔

مُردے کا کچھ مانگنا زندہ سے۔ یہ بہتر نہیں ہے موت کی نشانی ہے۔

مُردہ آپکو دیکھنا۔ بیماری سے صحت ہونے کی یا سفر سے گھر آنے کی دلیل ہے۔

مُردہ کا کچھ دینا زندہ کو۔ حاجتیں روا ہونے کی دلیل ہے۔

مُردے سے مباشرت کرنا۔ جس کام سے مایوس ہو چکا ہو، اس کام کو انجام ہونے کی دلیل ہے۔

مُردے کے ساتھ کھانا۔ راحت اور آرام کی دلیل ہے۔

مُردے کو اپنے بستر پر سوتے دیکھنا۔ مقصد پورا ہونے کی اور عمر دراز ہونے کی دلیل ہے۔

مینڈک کا دیکھنا۔ مرد عابد کی نشانی ہے

موچی کا دیکھنا۔ ہجو کرنے والے اور پردہ فاش کرنے کی دلیل ہے لہذا توبہ کرے۔

معلّم کو دیکھنا۔ عمر دراز ہونے کی دلیل ہے۔

ملاح کو دیکھنا۔ معالجات سلاطین سے ماہر ہونے کی دلیل ہے۔

معمار کو دیکھنا - راہ ہدایت بتانے والے کی دلیل ہے۔ **مصوّر کو دیکھنا** - صاحب خواب کے لئے بہترین دلیل ہے۔
مچھلی کو دیکھنا - اگر ایک یا دو ہوں عورت پر دلیل ہے۔ **مچھلی چھوٹی کا دیکھنا** - رنج و غم کی دلیل ہے۔
مشعالچی کا دیکھنا - زن و شوہر میں تفرقہ پڑنے کی دلیل ہے۔
ماہی گیر کا دیکھنا - سرداری سے تعبیر ہے۔
مکان کا جل جانا دیکھنا - نکبت خواری پہنچنے یا طاعون و آزاری سے دلیل ہے
مکان کا دروازہ کھُد جانا یا گر پڑنا دیکھنا - مالک مکان کی موت آنے کی دلیل ہے۔ اور اگر دروازہ جس جگہ رہتا ہے اسکا کھُد گیا ہے تو صاحب خانہ کی زوجہ کے مرنے کی دلیل ہے۔
مکان کا دروازہ کھُد جانا اور دروازہ دوسرا لگانا یا بنانا - صاحب خواب کی زوجہ کو کسی دوسرے سے عقد کرنے کی دلیل ہے۔
مکان کا کھُلا ہوا دروازہ بند کرنا - زوجہ کو طلاق دینے سے تعبیر ہے۔
مکان معلوم کا دروازہ بند مقفل کھولنا - نکاح کرنے سے دلیل ہے۔
مکان کو زلزلہ میں دیکھنا - جس مکان کو زلزلہ میں دیکھا ہے اس میں زنا واقع ہونے کی دلیل ہے۔
مکان سارا یا کچھ حصہ گرا دیکھنا - موت کی دلیل ہے۔
مکڑی دیکھنا - توبہ کرنے والے اور عبادت گزار، پرہیزگاری کی دلیل ہے۔
موش یعنی چوہا دیکھنا - کسی بدخواہ عورت کو حاصل کرنے کی دلیل۔
مکھیوں کو بکثرت دیکھنا - بے فائدہ باتیں سننے اور کہنے پر دلیل ہے۔
منبر پر خطبہ پڑھتے دیکھنا - شرف اور مرتبہ حاصل ہونے کی دلیل ہے۔
مہتاب کو گہن لگا ہُوا دیکھنا یا گرد و غبار سے ڈھکا ہوا دیکھنا - صاحب خواب کا نقصان ہونے کی دلیل ہے
مینہ کا برستے دیکھنا - رحمت کی دلیل ہے اگر ہر جگہ ہے اور اگر کسی ایک جگہ ہے یا کسی مکان یا کسی ایک مقام پر ہے تو درد تکلیف کی دلیل ہے جہاں پر ہو رہی ہے۔
مینہ کا سر پر کسی کے خاص برسنا - گناہوں کی کثرت اور معصیت و خطا کے گھیرنے کی دلیل ہے توبہ کرنا چاہیئے۔

مکان اپنا گرا یا خراب خواہ ویران دیکھنا۔ اس کی بداعمالی سے دنیا تباہ ہونے کی دلیل ہے۔
مکان نامعلوم کا دروازہ بند مقفل کو کھولنا۔ دعا کے قبول ہونے کی دلیل ہے۔
مویز منقیٰ اکا دیکھنا خواہ پانا۔ مال میں خیر و برکت و منفعت پر دلیل ہے۔
مسور و ماش وغیرہ کا دیکھنا۔ مال غیر طیب و غیر حلال ہیں جس سے رنج و غم کی دلیل ہے۔
میدہ کا دیکھنا۔ فارغ البالی کی دلیل ہے۔
مرد نامعلوم کا دیکھنا۔ اگر وہ جوان ہے تو دشمن ہونے کی دلیل ہے اگر مرد پیر ہے تو اُس کی سعی و کوشش اور بہرہ مندی کی دلیل ہے اگر اس مردِ پیر نے کچھ باتیں کیں ہیں یا کچھ دیا ہے تو حسب حال دینے کے ہوگا۔
مغز انسان یا حیوان کا کھانا۔ غیر کی کمائی کھانے سے دلیل ہے۔
مونڈنا حجام کا سر و داڑھی کا۔ کسی خاص مصیبت میں پڑنا
میّت سے سوال کرنا اور اسکا جواب دینا۔ اور وآبرو و بہتری سے دلیل ہے۔
میّت کی حالت کا دیکھنا۔ اگر میّت کو شاداں و خنداں دیکھے یا لباس سفید خواہ سبز پہنے ہے تو اس کے اصلاحِ حال کی دلیل ہے اور اگر میّت کو رنجیدہ خواہ برہنہ دیکھے یا جامہ کہنہ پہنے ہو۔ تو یہ حال مبتلائے غضب ناک ہے۔
میّت کا کچھ دیتے دیکھنا۔ جس نے مردہ سے کچھ پایا خواہ دنیا وی ہی کیوں نہ ہو تو صاحب خواب کو روزی و بہتری ایسی ملنے کی جس کی امید نہ تھی دلیل ہے۔
میّت کو دینا زندہ کا۔ اگر زندہ شخص نے میّت کو کچھ دیا لباس وغیرہ ہے اور مُردہ نے لیکر پہن لیا تو دینے والا مر جائے گا اور میت سے مرکر ملنے کی دلیل ہے۔
میّت سے معانقہ کرنا خواہ بدن سے بدن ملانا دیکھنا، یا گلے لگانا } طویل عمری کی دلیل ہے۔ ان تمام وجہوں کی طویل حیات صاحب خواب کی دلیل ہے اور مردے کو قتل کرنے کی بھی یہ ہی دلیل ہے۔

میّت کے ساتھ کسی مکان نامعلوم میں جانا۔ صاحبِ خواب کے مرنے اور میّت سے ملنے کی دلیل ہے۔

میّت کا صاحبِ خواب کے ہاتھ سے روٹی کا ٹکڑا خواہ انگوٹھی کا لینا۔ } صاحبِ خواب کی اولاد کے مرنے یا مال کے ضائع ہونے کی دلیل ہے۔

موزہ دیکھنا۔ اگر موزہ درست ہے پھٹا نہیں ہے تو معاش کی فراخی کی دلیل ہے اور برعکس اس کے پریشانی کی دلیل ہے۔

مراۃ یعنی آئینہ دیکھنا۔ اگر صاحبِ خواب کی عورت حاملہ ہے تو لپسر جنے گی اور اگر عورت نے یہ خواب دیکھا تو لڑکی جننے کی دلیل ہے اور یہ اولاد بہ شبیہ پدر یا مادر ہوگی اور مرادیں حاصل ہونے کی دلیل ہے۔

مار یعنی سانپ کو مارنا یا اس پر غالب آنا۔ دشمن پر غالب آنے کی دلیل ہے

مار کا غالب آنا۔ دشمن کے غالب آنے کی دلیل ہے۔

مار کا ڈسنا۔ دشمن سے کوئی امر سخت پیش آنے کی دلیل ہے۔

مار کو مار ڈالنا۔ دشمن پر ظفریاب ہونے کی دلیل ہے۔

مار کو اپنے گھر میں داخل ہوتے یا گھر میں دیکھنا۔ دشمن کا صاحبِ خواب کے گھر ہی میں خواہ عورت ہے یا مرد موجود ہونے کی دلیل ہے۔

مار کا جسم کے کسی عضو مثلاً کان یا مقعد سے نکل جانا۔ صاحبِ خواب کے عیال سے کوئی دشمن تھا جس کے نکل جانے کی دلیل ہے۔

مار سفید کو مطیع و فرمانبردار دیکھنا یا ملنا اور اس میں کوئی برائی کا نہ ہونا۔ } گنجہائے عظیم ملنے کی دلیل ہے جو شاہی خزانے سے ہوگا۔

مصطگی خواہ کندر کا دیکھنا۔ کسی نیک مرد سے علم فقہ حاصل کرنے کی دلیل ہے۔

مہندی لگانا۔ کسی کے قتل کرنے کی دلیل ہے۔

ردیف ۔ ن

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں دیدار کرنا۔ یہ خواب بالکل سچا اور صحیح ہوتا ہے کیونکہ شیطان حضور کی صورت اختیار نہیں کر سکتا اور تمام مرادیں دینی و دنیوی ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔

نماز راست پڑھنا ۔ صاحب صفت نیک خصلت ہونے اور گناہ معاف ہونے کی دلیل ہے ۔
ناخن تراشنا ۔ راحت و سرور حاصل ہونے اور قرض سے سبکدوش ہونے کی دلیل ہے ۔
ناک اپنی بڑی دیکھنا ۔ شہرت زیادہ ہونے ، اور بدکار عورت سے فائدہ پہنچنے کی
دلیل ہے یا شرف عزت حاصل ہو ۔
ناک کٹ جانا دیکھنا ۔ ذلت و خواری کی نشانی ہے ۔ بلکہ افلاس کی دلیل ہے ۔
نہر یا دلدل میں پھنسا دیکھنا ۔ غم میں مبتلا ہونے کی دلیل ہے ۔
نہر یا دریا سے گدلا پانی پینا ۔ مرض میں پھنسنے کی دلیل ہے ۔
نہر کو دوسری جانب سے کاٹ کر جاری دیکھنا ۔ تمام مصیبتوں سے نجات پانے اور خوشی کی دلیل ہے ۔
نیزہ مارنا ۔ دشمن پر فتح پانے کی دلیل ہے ۔ ناخن دیکھنا ۔ بہتری کی علامت ہے ۔
نیزہ دیکھنا ۔ سفر کرنے یا دولت ملنے یا لڑکا پیدا ہونے کی دلیل ہے ۔
ناک سے خون بہنا ۔ مال حرام ملنے اور عمر ذلت سے بسر ہونے کی دلیل ہے ۔
نشان دیکھنا ۔ بڑا نامور ہونے ، رتبہ بلند ہونے کی دلیل ہے
ناخن بڑا یا قوی دیکھنا ۔ دشمن پر مظفر و منصور ہونے کی دلیل ہے
نقارہ بجانا ۔ حکومت ہاتھ آنے کی دلیل ہے ۔
ناچ دیکھنا ۔ رنج دور ہونے راحت و سرور حاصل ہونے کی دلیل ہے ۔
ناچ خود ناچنا خواب میں ۔ عورت سے فتنہ ہونے زندگی ضیق میں پھنسنے کی دلیل ہے ۔
ناک سے خون بہتے دیکھنا ۔ مال مشقت سے ملنے اور جلد خرچ ہو جانے کی دلیل ہے ۔
ناریل دیکھنا ۔ نہایت خوشی کی خواہ شادی سے یا پیدائش اولاد سے ہونے کی دلیل ہے ۔
ندی دیکھنا ۔ راحت خلق کو پہنچانے اور ناموری کی نشانی ہے ۔
نیم کا درخت خواہ کچھ حصہ دیکھنا ۔ صحت کی نشانی ہے ۔
نعلین کا پہننا اور اتارتے ہوئے دیکھنا ۔ نعلین پہننے سے کسی عورت کے ملنے کی دلیل ہے اور

نعلین اتارنے سے اپنی بیوی کو طلاق دینے کی دلیل ہے۔
نہر یا دریا میں غسل کرنا۔ بیمار ہو تو صحت پائے گناہوں سے پاک ہو یا کوئی اور خوشی کی دلیل ہو۔
نکاح کرنا۔ عزت اور آبرو سے رہنے اور مال بکثرت ہونے کی دلیل ہے۔
نیولا دیکھنا۔ بیمار ہونے کی علامت ہے لیکن جلد صحت مند ہونے کی دلیل ہے۔
نوجوان نامعلوم دیکھنا۔ دشمن پیدا ہونے کی دلیل ہے۔
نشانے پر تیر لگتے دیکھنا۔ مقصد حسب دلِ خواہ بر آنے کی دلیل ہے۔
نوش کرنا دودھ جانوران نامعلوم حلال کا۔ دین کی خیر صلاح کی خاص دلیل ہے
نوش کرنا دودھ خواہ یا نا گائے بھینس اور اونٹنیوں کا۔ ان سب کے دودھ سے روزی خیر حلال کی نشانی ہے، ان میں بھیڑ بکری کے دودھ کی کمتر تعبیر ہے۔
نکاح کرنا زنِ مردہ سے خواب میں۔ صاحبِ خواب جس مقصد کے لئے مایوس ہو چکا تھا اسکے پورا ہونے کی دلیل ہے۔
نکاح کرنا مادر یا خواہر یا کسی زن ایسی جس سے۔ صاحبِ خواب کے لئے شرف زیارت خانہ کعبہ کی دلیل ہے۔
نکاح کرنا ہمیشہ کیلئے حرام تھا یعنی محرم سے یا اپنے قرابت داروں سے نیکی کرنے صلۂ رحمی کی نشانی ہے۔
ناہموار و کج راستہ کا دیکھنا۔ بے دینی و بے مذہبی کی دلیل ہے۔

ردیف ۔ و

وعظ کہنا خواب میں۔ بدکاروں فضیحت کرنے اور نصیحت کرنے کی دلیل ہے۔
وضو کرنا۔ عنایت ربِ جلیل اور نیک کرداری پر دلیل ہے۔
وظیفہ پڑھنا۔ بُرے کاموں سے بچنے اور نیک کام کرنے کی دلیل ہے۔
وبا و رنج یا دوزخ کے مبتلا دیکھنا۔ دنیا کے رنج و مصیبت کی دلیل ہے۔

ردیف ۔ ھ

ہرن دیکھنا۔ دختر کے پیدا ہونے کی یا کوئی حسین کنیز ہاتھ آنے کی دلیل ہے۔
ہوائے تند کا دیکھنا۔ جہاں پر دیکھے وہاں کے باشندوں اور اس سرزمین پر آفت آنے کی دلیل ہے

ہدیہ بھیجنا۔ الفت ومحبّت خلق سے ہونے کی دلیل ہے۔

ہاتھوں کو بندھے دیکھنا۔ بے دین و بے کار ہونے کی دلیل ہے اور اگر دیکھے کہ اس کے ہاتھ خشک یا سُست ہو گئے ہیں تو اس کے یار و آشنا کنارہ کریں گے۔

ہاتھ کئی ایک دیکھنا اپنے۔ اگر نیک ہے نیکی میں ترقی ہو گی اور مفسد ہے تو فتنہ بہت کرے گا۔

ہاتھ میں مہندی لگانا۔ کسی کو قتل کرنے پر دلیل ہے۔

ہرن کا خواہ گوسفند کا بچہ دیکھنا۔ کوئی مراد حاصل ہونے پر دلیل ہے۔